# INTERMEDIATE

## FIRST YEAR

## URDU WORKBOOK

By:

**SRI.V. RAMAKRISHNA, I.R.S**

Special Commissioner & Secretary

Intermediate Education

# ورک بُک برائے

# انٹرمیڈیٹ (سالِ اوّل)

F

برائے زبان دُوّم (حصّہ دُوّم)

# جوہرِ ادب

(شاعری، نثر اور قواعد)

اور

# سرسری مطالعہ


بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن

وجئے واڑہ

آندھرا پردیش

SL Urdu Workbook for

# INTERMEDIATE

## First Year

# URDU

# جوہرِ ادب

JAUHAR – E – ADAB

Urdu Workbook

By

Sri V. Ramakrishna, I.R.S.
Special Commissioner & Secretary
Board of Intermediate Education,
Andhra Pradesh

# SL URDU WORKBOOK COMMITTEE

## Course co-ordinator

Dr. K. Chandra Sekhar Rao Ph.D., (Retd)
Regional Joint Director Zone – IV, Y.S.R. Kadapa.

## Chief Editor

Dr. M. Ameenulla
Asst. Professor,
Dept. of Urdu, S.V University, Tirupati.

## Course Writers

Sk. Sayeeda
Junior Lecturer in Urdu
Govt. Junior College
Pedana.

S. Mohammad Khamar
Junior Lecturer in Urdu
Govt. Junior College
Islampeta, Vishakhapatnam.

MD. Nizamuddin Qasmi
Junior Lecturer in Urdu
S.R.R & C.V.R
Govt Junior College, Vijayawada.

S. Althaf Hussain
Junior Lecturer in Urdu
Govt. Junior College (G),
Hindupur, Anantapur.

S. Shabana Begum
Junior Lecturer in Urdu
A.R.R Govt. Junior College
Udayagiri.

D.T.P. Designing

**Mohammad Ali Khan. Mayana, Khan Creations,**
**Junior Lecturer in Urdu**
Govt. junior College for Girls, Rayachoti. Y.S.R. Kadapa.

# فہرست

## I۔ حصّہ ءشاعری

### 1۔ نظم


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1 | مناجات | محمد قلی قطب شاہ | 01 |
| | 2 | ایک پہاڑ اور گلہری | علامہ اقبالؔ | 10 |
| | 3 | اے شریف انسانو! | ساحرؔ لدھیانوی | 20 |
| قواعد | I | صرف کی تعریف | | 30 |


### 2۔ غزل


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 4 | جس سر کو آج غرور ہے یاں تاج وری کا | میر تقی میرؔ | 34 |
| | 5 | ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے | غالبؔ | 46 |
| | 6 | بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں | فراقؔ | 57 |
| قواعد | II | اسم اور اُس کی قسمیں | | 67 |


## II۔ حصّہ ءنثر و قواعد


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1 | باغِ امید کے دو دروازے | محمد حُسین آزادؔ | 77 |
| قواعد | III | ضمیر اور اُس کی قسمیں | | 87 |
| | 2 | غالبؔ کے اخلاق و عادات و خیالات | مولانا حالیؔ | 91 |
| قواعد | IV | صفت اور اُس کی قسمیں | | 100 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 3 | ارہر کا کھیت | رشید احمد صدیقی | 106 |
| قواعد | V | فعل اور اُس کی قسمیں | | 116 |
| | 4 | اللہ دے بندہ لے | رضیہ سجاد ظہیر | 121 |
| قواعد | VI | ترجمہ: (انگریزی الفاظ کا اُردو ترجمہ) | | 131 |
| | 5 | ذرا مسکرائیے | یوسف ناظم | 137 |
| | 6 | چھوٹی آپا | سلیمان اطہر جاوید | 147 |


## III۔ حصّہء سرسری مطالعہ (منتخب مضامین)


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ہمدردی | سر سید احمد خاں | 157 |
| 2 | قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری | نصیر الدین ہاشمیؔ | 165 |
| 3 | کھویا ہوا چاند | محی الدین قادری زورؔ | 172 |
| 4 | مولانا ابوالکلام آزادؔ | ڈاکٹر سید عابد حسین | 180 |
| 5 | ادب کیا ہے؟ | جمیل جالبی | 188 |
| 6 | ڈائرکٹر کا کُتّا | مجتبیٰ حُسین | 196 |

# حصّہ ء شاعری

## نظم


| | | |
|---|---|---|
| 1۔ مناجات | محمد قلیؔ قطب شاہ | 01 |
| 2۔ ایک پہاڑ اور گلہری | علامہ اقبالؔ | 10 |
| 3۔ اے شریف انسانو! | ساحرؔ لدھیانوی | 20 |
| قواعد I۔ صَرف کی تعریف | | 30 |

نظم

# ورک بُک برائے سالِ اوّل – زبان برائے دُوّم

## 1۔ مناجات

محمد قلی قطب شاہ

### شاعر کا تعارف :

### عمومی سوالات و جوابات

1) محمد قلی قطب شاہ گولکنڈہ کی قطب شاہی حکومت کا کونسا بادشاہ تھا؟

جواب محمد قلی قطب شاہ گولکنڈہ کی قطب شاہی حکومت کا پانچواں بادشاہ تھا۔

2) محمد قلی قطب شاہ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ کی پیدائش 1565ء کو گولکنڈہ میں ہوئی۔

3) محمد قلی قطب شاہ نے کس شہر کی بنیاد ڈالی؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ نے شہر حیدرآباد کی بنیاد ڈالی۔

4) اُردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کون ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ اُردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر ہے۔

5) محمد قلی قطب شاہ کا دیوان کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ کا دیوان کُل پچاس ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔

6) محمد قلی قطب شاہ کی شاعری کی سب سے اہم خصوصیت کیا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ کی شاعری کی سب سے اہم خصوصیت حقیقت پسندی ہے۔

7) محمد قلی قطب شاہ کی وفات کس سنہ میں ہوئی؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ کی وفات 1612ء میں ہوئی۔

## نظم : مناجات

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : مناجات کس قسم کی نظم کو کہا جاتا ہے؟

جواب: وہ نظم جس میں خدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دُعا مانگی جائے۔ اُسے مناجات کہا جاتا ہے۔

2) سوال : محمد قلی قطب شاہ کی نظم " مناجات " کی اصل کیا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ کی نظم " مناجات " کی اصل ایک جامع دُعا ہے۔

3) سوال : نظم کے آغاز میں محمد قلی قطب شاہ اپنی اور اپنی رعایا کے لیے خدا سے کس قسم کی فریاد کرتا ہے؟

جواب: نظم کے آغاز میں محمد قلی قطب شاہ اپنی اور اپنے رعایا کے لیے خدا سے خوشحالی ، امن و بھلائی اور کامیابی کے لئے مناجات کرتا ہے۔

4) سوال : محمد قلی قطب شاہ اپنے دوست و دشمن کے لئے خُدا کے حضور میں کس قسم کی فریاد کرتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ خدا سے دوستوں کے لئے جنّت اور دشمنوں کے لئے دوزخ کی فریاد کرتا ہے۔

5) سوال : محمد قلی قطب شاہ اپنی اور اپنی سلطنت کی حفاظت و ترقی کس طرح چاہتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ اپنی اور اپنی سلطنت کی حفاظت و ترقی انگوٹھی میں جڑنا ہوئے نگینے کی طرح چاہتا ہے۔

6) سوال : محمد قلی قطب شاہ کی شہر حیدرآباد سے متعلق رب سے کیا آرزو تھی؟

جواب: شہرِ حیدرآباد سے متعلق محمد قلی قطب شاہ کی رب سے یہ دلی آرزو تھی کہ وہ اس شہر کو لوگوں سے آباد رکھے۔

7) سوال : محمد قلی قطب شاہ اپنے شہر کو لوگوں سے کس طرح آباد رکھنا چاہتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ اپنے شہر حیدرآباد کو لوگوں سے اس طرح آباد رکھنا چاہتا ہے جیسے دریا کو مچھلیوں سے آباد رکھا جاتا ہے۔

8) سوال : محمد قلی قطب شاہ مشکل حالات میں خدا سے کیا چاہتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ مشکل حالات میں خدا سے اپنی اور اپنی سلطنت کی حفاظت و سلامتی اور کامیابی چاہتا ہے۔

9) سوال : محمد قلی قطب شاہ رب سے اپنی کس قسم کی شہرت چاہتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ رب سے اپنی نیک نامی کی شہرت چاہتا ہے۔

10) سوال : اس نظم کا پیام کیا ہے؟

جواب: اچھی سلطنت کے لیے بادشاہ اور رعایا کی سلامتی ضروری ہے۔ اور اس کے لیے عاجزی و انکساری، امن و بھلائی ، محبت و ملنساری لازم ہیں۔

11) سوال : نظم " مناجات " کو کس نے لکھا؟

جواب: نظم " مناجات " کو محمد قلی قطب شاہ نے لکھا۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال : محمد قلی قطب شاہ گولکنڈہ کی قطب شاہی حکومت کا کونسا بادشاہ ہے۔ ( 3 )

1۔ تیسرا 2۔ چوتھا 3۔ پانچواں

2) سوال : محمد قلی قطب شاہ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی۔ ( 2 )

1۔ 1580ء حیدرآباد 2۔ 1565ء گولکنڈہ 3۔ 1525 بیجاپور

3) سوال : محمد قلی قطب شاہ نے کس شہر کی بنیاد ڈالی۔ ( 1 )

1۔ حیدرآباد 2۔ اورنگ آباد 3۔ کرناٹک

4) سوال : محمد قلی قطب شاہ کس سے اپنی مناجات طلب کرتا ہے؟ ( 2 )

1۔ رعایا سے 2۔ خدا سے 3۔ اولیاء سے

5) سوال : نظم مناجات کس کی لکھی ہوئی ہے۔ ( 3 )

1۔ فراقؔ 2۔ ولیؔ 3۔ محمد قلی قطب شاہ

6) سوال : نظم مناجات کی اعلیٰ خوبی کیا ہے۔ ( 1 )

1۔ عاجزی وانکساری 2۔ یکسانیت 3۔ خودغرضی

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاعر کو اُردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کہا جاتا ہے۔

صحیح جواب: محمد قلی قطب شاہ

2) سوال : محمد قلی قطب شاہ کا دیوان کُل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اشعار پر مشتمل ہے۔

صحیح جواب: 50ہزار

3) سوال : محمد قلی قطب شاہ کی شاعری کی سب سے اہم خصوصیت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

صحیح جواب: حقیقت پسندی ، نیچرل شاعری

4) سوال : محمد قلی قطب شاہ نے مناجات میں خدا سے اپنی دلی آرزوؤں کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہتا ہے۔

صحیح جواب: قبولیت

5) سوال : مشکل حالات میں محمد قلی قطب شاہ خدا سے اپنی سلطنت کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہتا ہے۔

صحیح جواب: حفاظت وسلامتی اور کامیابی

6) سوال : محمد قلی قطب شاہ رب سے دوستوں کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی فریاد کرتا ہے۔

صحیح جواب: جنّت

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : مناجات میرا تو سُن یا سمیع
منجے خوش تور کھ رات دین یا سمیع
اس شعر کی تشریح کیجئے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ التجا کرتا ہے کہ اے خدا تو میری دُعا سُن لے اور مجھے ہمیشہ دن رات خوشحال رکھ۔

2) سوال : بھلا کر بھلا منج سُو جو ہوئے گا
بُرا کر بُرا منج سوں جن یا سمیع
اس شعر کی تشریح کیجئے؟

جواب: اس شعر میں محمد قلی قطب شاہ جو خدا سے دُعا گو ہے کہ اے خدا جو مجھ سے بھلا کرتا ہے تو اُس کا بھلا کر اور مجھ سے بُرائی سے پیش آتا ہے اُس کا بُرا کر۔

3) سوال : میرے دوستاں کوں توں نت دے جنت
میرے دشمناں کوں اگن یا سمیع
اس شعر میں محمد قلی قطب شاہ رب سے کس قسم کی فریاد کرتا ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ اس شعر میں رب سے دوستوں کے لئے جنت کی آرزو کرتا ہے اور دشمنوں کے لئے دوزخ کی بد دُعا کرتا ہے۔

4) سوال : تمام تخت پر میرا یوں تخت کر
انگوٹی پہ جوں ہے نگیں یا سمیع؟
اس شعر کی تشریح کیجئے؟

جواب: اس شعر میں محمد قلی قطب شاہ یہ التجا کرتا ہے کہ خدایا جس طرح انگوٹی میں سونے کے مقابلے نگینہ (ہیرا) کی اہمیت زیادہ ہوتی ہے اُسی طرح دنیا کے تمام تختوں میں میرا تخت ہیرے کی مانند اہمیت رکھتا ہو۔

5) **سوال :** میرا شہر کے لوگ سوں معمور کر
رکھیا جوں توں دریا میں من یا سمیع؟
اس شعر کی تشریح کیجئے؟

**جواب:** محمد قلی قطب شاہ اس شعر میں رب سے یہ دُعا کر رہا ہے کہ وہ اپنے شہر حیدر آباد کو لوگوں سے ایسے آباد رکھ جیسے دریا کو مچھلیوں سے آباد رکھا جاتا ہے۔

6) **سوال :** مُرادت کا جم تُرنگ سارا قطبؔ
او سی سارہت دے عنیں یا سمیع؟
اس شعر کی تشریح کیجئے؟

**جواب:** محمد قلی قطب شاہ اس شعر میں اپنی ساری حاجتوں و مرادوں اور دلی آرزوؤں کی قبولیت چاہتا ہے۔

## 5۔ مشکل الفاظ کے معنی:

| | | |
|---|---|---|
| مناجات | : | دُعا |
| سمیع | : | سُننے والا |
| اگن | : | دوزخ |
| نگین | : | موتی |
| مِن | : | مچھلی |

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل اشعار پڑھ کر تشریح کیجئے۔

1) سوال : مناجات میرا تو سُن یا سمیع
منجے تو خوش رکھ رات دین یا سمیع

جواب:------------------------------------------------------------

2) سوال : میرے دوستاں کوں توں دے جنت
میرے دشمناں کوں اگن یا سمیع

جواب:------------------------------------------------------------

3) سوال : سکل تخت پر میرا یوں تخت کر
انگوٹھی پہ جوں ہے نگیں یا سمیع

جواب:------------------------------------------------------------

## 2۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : نصاب میں شامل محمد قلی قطب شاہ کی نظم کا نام بتائیے؟

جواب:------------------------------------------------------------

2) سوال : محمد قلی قطب شاہ کا انتقال کب ہوا؟

جواب:-------------------------------------------------------

3) سوال : نظم مناجات میں کون خدا سے دُعا گو ہے؟

جواب: -------------------------------------------------------

4) سوال : محمد قلی قطب شاہ کی لکھی ہوئی نظم کا نام بتائیے؟

جواب: -------------------------------------------------------

## 3۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) سوال : محمد قلی قطب شاہ پر نوٹ لکھئے؟

جواب:-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------

2) سوال : نظم " مناجات " کا خلاصہ لکھئے؟

جواب:-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------

3) سوال : نظم " مناجات " میں محمد قلی قطب شاہ نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے ؟

جواب :------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
-------------------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) محمد قلی قطب شاہ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شہر کی بنیاد ڈالی۔

2) محمد قلی قطب شاہ کا انتقال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنہ میں ہوا۔

3) محمد قلی قطب شاہ اپنے شہر کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے آباد رکھنا چاہتا ہے۔

☆☆☆☆☆

نظم

## ورک بُک برائے سالِ اوّل – زبان برائے دُوّم

# 2۔ ایک پہاڑ اور گلہری

علّامہ اقبالؒ

### شاعر کا تعارف :

### عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : علامہ اقبالؒ کا اصل نام کیا ہے ؟

جواب علامہ اقبالؒ کا اصل نام محمد اقبالؒ ہے۔

2) سوال : علامہ اقبالؒ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

جواب: علامہ اقبالؒ کی پیدائش 1877ء کو سیالکوٹ (پاکستان) میں ہوئی۔

3) سوال : اعلیٰ تعلیم کی غرض سے علامہ اقبالؒ نے کب انگلستان کا سفر کیا؟

جواب: علامہ اقبالؒ نے اعلیٰ تعلیم کی غرض سے 1905ء میں انگلستان کا سفر کیا۔

4) سوال : علامہ اقبالؒ کو کس قسم کے شاعر کی حیثیت حاصل ہے ؟

جواب: علامہ اقبالؒ کو اُردو اور فارسی کے ممتاز و منفرد، بلند فلسفی و دانشور شاعر کی حیثیت حاصل ہے۔

5) سوال : علامہ اقبالؔ کی شاعری کا موضوع کیا ہے؟

جواب: علامہ اقبالؔ کی شاعری کا موضوع فلسفۂ خودی ہے۔

6) سوال : اقبالؔ نے بچوں کے لئے کس قسم کی نظموں کو لکھا ہے؟

جواب: اقبالؔ نے بچوں کے لئے کافی نصیحت آموز نظموں کو لکھا ہے۔

7) سوال : آپکے نصاب میں موجود علامہ اقبالؔ کی نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" کو کس شعری مجموعے سے لیا گیا ہے؟

جواب: نظم "ایک پہاڑ اور گلہری" کو علامہ اقبالؔ کے شعری مجموعے "بانگِ درا" سے لیا گیا ہے۔

8) سوال : علامہ اقبالؔ کے کُل کتنے شعری مجموعے ہیں؟

جواب: علامہ اقبالؔ کے کُل چار شعری مجموعے ہیں۔

9) سوال : علامہ اقبالؔ کے شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب: 1۔ بانگِ درا 2۔ بالِ جبریل 3۔ ضربِ کلیم 4۔ ارمغانِ حجاز ہیں۔

10) سوال : علامہ اقبالؔ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: علامہ اقبالؔ کی وفات لاہور میں 1938ء کو ہوئی۔

11) سوال : علامہ اقبالؔ کے فارسی شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب: علامہ اقبالؔ کے فارسی شعری مجموعوں کے نام یہ ہیں۔" ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز "۔

12) سوال : حکومت برطانیہ کی جانب سے علامہ اقبالؔ کو کونسا خطاب دیا گیا؟

جواب: حکومت برطانیہ کی جانب سے علامہ اقبالؔ کو " سر " کے خطاب سے نوازا گیا۔

13) سوال : نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: نظم کے لغوی معنی موتی پرونا یا آراستہ کرنے کے ہیں۔

14) سوال : اصطلاحی معنوں میں نظم کسے کہتے ہیں؟

جواب: اصطلاحی معنوں میں نظم ایک بیانیہ صنفِ سخن ہے یعنی ایک منظوم داستان کا نام ہے۔ جس میں واقعہ کو ترتیب وار تسلسل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

# نظم : ایک پہاڑ اور گلہری

## عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کو کس شاعر نے لکھا؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کو علامہ اقبالؔ نے لکھا۔

2) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں پہاڑ نے گلہری سے کہا کہ تو معمولی چھوٹا سا حقیر جانور ہے۔ میری طاقت اور شان کے آگے تیرا کوئی وجود نہیں۔ بھلا میں کہاں اور تو کہاں تجھ میں اگر ذرا بھی شرم ہو تو جا کے پانی میں ڈوب مر۔

3) سوال : گلہری نے پہاڑ کو منہ توڑ جواب کس طرح دیا؟

جواب: گلہری نے پہاڑ سے کہا تو تو نام کا بڑا ہے اگر اپنی طاقت کا تجھ کو غرور ہے تو میری طرح اِدھر اُدھر گھوم کر دِکھا اور چھالیہ ذرا توڑ کر دِکھا لیکن تجھ سے یہ نہیں ہو سکتا ہے۔ تو اتنی بڑائی کرتا ہے تو ہر طرح حرکت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ کوئی بڑا کوئی چھوٹا خدا کی حکمت ہے۔

4) سوال : حرکت کے معنی کیا ہیں؟

جواب: حرکت کے معنی کچھ کر دِکھانے کے ہیں۔

5) سوال : بے حرکتی سے کیا مراد ہے؟

جواب: بے حرکت سے مراد کچھ نہ کرنے کے ہیں۔ کسی بھی کام کے قابل نہ ہونے کے ہیں۔

6) سوال : پہاڑ کو کس بات پر غرور تھا؟

جواب: پہاڑ کو اپنی طاقت و بڑائی پر غرور تھا۔

7) سوال : گلہری کے ذریعہ کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: گلہری کے ذریعہ یہ بتایا گیا ہے کہ خدا کی بنائی ہوئی اس دنیا میں کوئی بھی چیز بے کار یا غیر ضروری نہیں ہے۔ خدا نے اپنی اپنی ضرورت کی خاطر ہر چیز کو دنیا میں رکھا ہے اسی لئے کسی بھی چیز کو بڑا یا چھوٹا یا بے کار یا بُرا کہنے کا حق کسی کو حاصل نہیں ہے یہی اس نظم کا بہترین پیام بھی ہے۔

8) سوال: علامہ اقبالؔ نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " سے کیا درس دینا چاہتے ہیں؟

جواب: علامہ اقبالؔ نے نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کے ذریعہ ہر آدمی کو غرور و تکبر سے دور رہنے کا درس دیتے ہیں۔

9) سوال: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کس کی گفتگو کو بیان کیا گیا ہے؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں پہاڑ اور گلہری کی آپسی گفتگو کو بتایا گیا ہے۔

10) سوال: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کیا نصیحت کی گئی ہے؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں اچھے اور بُرے اوصاف کو بتاتے ہوئے فخر و غرور سے دور رہنے اور اچھی عادتوں کو اپنانے اور عمل کرنے کی نصیحت کی گئی ہے۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال: علامہ اقبالؔ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی۔ ( 2 )

1۔ پٹنہ 1870ء 2۔ سیالکوٹ 1877ء 3۔ پاکستان 1878ء

2) سوال: فلسفی و دانشور شاعر کون تھے۔ ( 1 )

1۔ علامہ اقبالؔ 2۔ ناصرؔ کاظمی 3۔ اخترالایمان

3) سوال: بانگِ درا کس کا شعری مجموعہ ہے؟ ( 3 )

1۔ اخترالایمان 2۔ ساحرؔ لدھیانوی 3۔ علامہ اقبالؔ

4) سوال: " تجھے ہو شرم تو جا کے پانی میں ڈوب مرے " یہ الفاظ کس نظم سے لئے گئے ہیں۔( 2 )

1۔ مناجات 2۔ ایک پہاڑ اور گلہری 3۔ اے شریف انسانو!

5) سوال: " جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو " یہ الفاظ کس نے کس سے کہا۔ ( 3 )

1۔ بادشاہ نے نوکر سے 2۔ شاعر ادیب سے 3۔ گلہری نے پہاڑ سے

6) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کس شعری مجموعے میں شامل ہے۔ ( 2 )

1۔ بالِ جبرئیل 2۔ بانگِ درا 3۔ ضربِ کلیم

7) سوال : علامہ اقبالؔ کی وفات کب ہوئی۔ ( 1 )

1۔ لاہور 1938ء 2۔ پاکستان 1877ء 3۔ سیالکوٹ 1938ء

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : برطانوی حکومت نے علامہ اقبالؔ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خطاب سے نوازا۔

صحیح جواب: " سر "

2) سوال : علامہ اقبالؔ کے شعری مجموعے فارسی زبان میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ملتے ہیں۔

صحیح جواب: دو (2)

3) سوال : علامہ اقبالؔ کے اُردو شعری مجموعوں کے نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

صحیح جواب: بانگِ درا ، بالِ جبرئیل

4) سوال : فلسفۂ خودی کے شاعر۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

صحیح جواب: علامہ اقبالؔ

5) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں اپنی طاقت و بڑائی کا غرور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو تھا۔

صحیح جواب: پہاڑ کو

6) سوال : حرکت کی صلاحیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں موجود تھی۔

صحیح جواب: گلہری

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو سطر میں لکھئے۔

1) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کے آغاز میں پہاڑ گلہری سے کیا کہتا ہے ؟

جواب: نظم کے آغاز میں پہاڑ گلہری سے کہتا ہے کہ خدا کی دی ہوئی صلاحیت سے تو چلنے پھرنے کے قابل ہوئی ورنہ میری طاقت و بڑائی کے آگے تیری کوئی حیثیت ہی نہیں۔ بھلا میں کہاں اور تو کہاں میرے آگے تو ایک معمولی چھوٹا سا جانور ہے۔

2) سوال : گلہری پہاڑ سے کیا کہتی ہے ؟ یا گلہری نے پہاڑ کے گھمنڈ کو کیسے توڑا؟

جواب: گلہری پہاڑ سے کہتی ہے کہ خدا کی بنائی ہوئی دنیا میں ہر چیز کی اہمیت ہے۔ کوئی چھوٹا کوئی بڑا نہیں۔ کوئی طاقتور کوئی کمزور نہیں۔ ہر چیز کی اپنی مخصوص صلاحتیں ہیں۔ یہ سب خدا کی حکمت ہے۔ گلہری کہتی ہے کہ تو بڑا ہے اور طاقتور ہے مگر میری طرح چھالیہ کتر نہیں سکتا اور اُچھل کود نہیں سکتا۔ پہاڑ گلہری کی باتوں کے آگے بے بس ہے کیونکہ وہ صرف بڑا ہے اس میں حرکت کی صلاحیت موجود نہیں۔

3) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کس کے اچھے اوصاف کو بتایا گیا ہے ؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں " گلہری " کی خوبیوں اور صلاحیتوں کو بتایا گیا ہے۔

4) سوال : اس نظم کا بہترین پیام کیا ہے ؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کا بہترین پیام یہ ہے کہ حرکت ہی زندگی ہے اور بے حرکتی موت ہے۔

5) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کون جیتا اور کون ہارا؟

جواب: نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں پہاڑ کو اپنے فخر و غرور کی وجہ سے ہار ہوئی اور گلہری کو مخصوص حرکتیں صلاحیتوں کی وجہ سے جیت ہوتی ہے۔

## 5۔ مشکل الفاظ کے معنی :

| | | |
|---|---|---|
| غرور | : | گھمنڈ ، تکبر |
| شعور | : | سمجھ |

| | | |
|---|---|---|
| بساط | : | حیثیت |
| قدرت | : | طاقت |

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

1) سوال : پہاڑ نے گلہری سے کیا کہا؟ اپنے الفاظ میں لکھیئے؟

جواب:

2) سوال : گلہری کی صلاحیتوں اور خوبیوں کو تحریر کیجئے؟

جواب:

3) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کس قسم کی نصیحت کی گئی ہے؟

جواب:

### 3۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " میں کون حرکت کی صلاحیت رکھتا ہے؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

2) سوال : پہاڑ کو کس بات کا غرور تھا؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

3) سوال : علامہ اقبالؔ کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

4) سوال : علامہ اقبالؔ کے شعری مجموعے کونسے ہیں؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

5) سوال : علامہ اقبالؔ کے دو فارسی شعری مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) سوال : علامہ اقبالؔ کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------

------------------------------------------

2) سوال : علامہ اقبالؔ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------

3) **سوال :** نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کا خلاصہ لکھیئے ؟

جواب :

4) **سوال :** نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کے ذریعہ شاعر اقبالؔ نے کیا نصیحت کی ہے ؟ تفصیل سے لکھیئے۔

جواب :

---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------
----------------------------------------

## 5۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) علامہ اقبالؔ کے اُردو شعری مجموعے کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔
2) ضربِ کلیم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا شعری مجموعہ ہے۔
3) نصاب میں شامل علامہ اقبالؔ کی لکھی ہوئی نظم کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔
4) حرکت و عمل کا پیام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظم میں ملتا ہے۔
5) نظم " ایک پہاڑ اور گلہری "کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شعری مجموعہ سے لیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

نظم

# ورک بُک برائے سالِ اوّل – زبان برائے دُوّم

# 3۔ اے شریف انسانو!

ساحرؔ لدھیانوی

## شاعر کا تعارف :

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے ؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام عبد الحئی ہے۔

2) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی 1922ء کو لدھیانہ میں پیدا ہوئے۔

3) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کی ادبی زندگی کا آغاز کب سے ہوا؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی کی ادبی زندگی کا آغاز کالج کے زمانے سے ہوا۔

4) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کن جریدوں کے ایڈیٹر رہے ؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی " ادبِ لطیف " اور " سویرا " کے ایڈیٹر رہے۔

5) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی کے کس شعری مجموعے کے بیسوں ایڈیشن شائع ہوئے ؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کے شعری مجموعے " تلخیاں " کے بیسوں ایڈیشن شائع ہوئے۔

6) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی کو کن اصناف پر قدرت حاصل تھی؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کو " غزل " " نظم " "گیت " اصناف پر قدرت حاصل تھی۔

7) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی کی طویل نظم کا نام بتایئے؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کی طویل نظم " پرچھائیاں " ہے۔

8) **سوال :** نظم " پرچھائیاں " ساحرؔ کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کے شعری مجموعے " آؤ کہ کوئی خواب بنیں " میں انکی طویل نظم " پرچھائیاں " شامل ہے۔

9) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی کس کے لیے گیت لکھا کرتے تھے؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی فلموں کے لیے گیت لکھا کرتے تھے۔

10) **سوال :** ساحرؔ کی شاعری میں کس قسم کی کیفیت ملتی ہے؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کی شاعری میں بے ساختگی اور تغزل کی کیفیت ملتی ہے؟

11) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی نے کن مسائل کو اپنی نظموں کا موضوع بنایا ہے؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی نے سماجی ، سیاسی مسائل کو اپنی نظموں میں پیش کیا ہے۔

12) **سوال :** ساحرؔ لدھیانوی کی خوبی کیا تھی؟

**جواب:** ساحرؔ لدھیانوی کی خوبی یہ تھی کہ وہ جوانی کے جذبات کو سلیقہ سے پیش کرنے میں کمال رکھتے تھے۔

## نظم : اے شریف انسانو!

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کس پس منظر میں لکھی گئی ؟

جواب: نظم " اے شریف انسانو! "ہندوستان و پاکستان کی جنگ کے پس منظر میں لکھی گئی۔

2) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کو کس معاہدے پر نشر کیا گیا؟

جواب: نظم " اے شریف انسانو! " کو معاہدہِ تاشقند پر نشر کیا گیا۔

3) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کو کس کی خاطر نشر کیا گیا؟

جواب: نظم " اے شریف انسانو! " کو امن کی خاطر نشر کیا گیا۔

4) سوال : نظم میں ساحرؔ کن سے مخاطب ہوتے ہیں اور کیا فرماتے ہیں؟

جواب: نظم میں ساحرؔ لدھیانوی دنیا کے سمجھدار انسانوں سے مخاطب ہوتے ہوئے جنگ کے مخالف ہو کر جنگ کو ٹالنے یا روکنے کی نصیحت کرتے ہیں اور جنگ کے ذریعہ ہونے والے نقصانات اور تباہ کُن نتائج کو بھی واضح کرتے ہیں۔

5) سوال : نظم کے دوسرے حصّے میں ساحرؔ جنگ کو ٹالنے کے لئے کیا تجاویز پیش کرتے ہیں؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی نظم کے دوسرے حصّے میں فرماتے ہیں کہ انسان کو جنگ کے لئے مختلف میدان بھی ہیں قتل و غارت گری کے لئے ہی جنگ ضروری نہیں ہے۔ اور یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ عقل کے ذریعہ زندگی کے دیگر میدانوں جیسے رشوت خوری، ناانصافی ، ظلم ، بربریت، جہالت کے خلاف بھی آواز اٹھائی جاسکتی ہے۔

6) سوال : جنگ کے متعلق شاعر ساحرؔ لدھیانوی کا کیا خیال ہے ؟

جواب: جنگ سے متعلق شاعر کا خیال ہے کہ جنگ خود ہی ایک فساد ہے اور فساد کبھی کسی مسئلہ کا حل نہیں ہو سکتا۔ اگر جنگ کا مقصد " امن " ہو تو پھر ایسی جنگوں کا اہتمام ضروری نہیں۔

7) سوال : ساحرؔ نظم کے آخر میں کیا فرماتے ہیں؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی نظم کے آخری حصّے میں ہر قسم کی بُرائی و نقصانات کی مخالفت کرتے ہیں فلاح و بہبودی امن و سلامتی ، اتحاد و بھائی چارگی ، سچائی ، علم و ہنر کا درس دیتے ہوئے اچھے اوصاف و افعال کی تقلید و عمل کی تائید پر زور دیتے ہیں۔

8) سوال : ساحرؔ کس طرح کی جنگوں کی مخالفت کرتے ہیں؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی عداوت و بغاوت ، دشمنی و نفرت ، انتقام قتل و غارت گری ، رشوت خوری ،

جھوٹ وناانصافی، ظلم غرض انسان اور انسانیت کے لیے نقصان کا باعث بننے والی جنگوں کی مخالفت کرتے ہیں۔

9) سوال: ساحرؔ کس طرح کی جنگوں کی حمایت کرتے ہیں؟

جواب: ساحرؔ لدھیانوی ہر قسم کی بُرائی کو چھوڑ کر صداقت و علم وہنر اور اچھی باتوں کی تائید پر زور دیتے ہوئے انسانیت ہمدردی، اتحاد، بھائی چارگی امن وسلامتی، حُب الوطنی، عدل وانصاف کی خاطر ہونے والی جنگوں کی حمایت کرتے ہیں۔

10) سوال: نظم "اے شریف انسانو!" کے ذریعہ کیا پیام ملتا ہے؟

جواب: نظم "اے شریف انسانو!" کے ذریعہ شاعر یہ پیام دینا چاہتا ہے کہ جنگ کا حاصلِ امن ہونا چاہئے اگر حاصلِ جنگ کا مقصد امن نہ ہو تو پھر ایسی جنگیں بے سود وبے کار ہیں۔ " امن " ہی اس نظم کا پیام ہے۔

11) سوال: ساحرؔ لدھیانوی کس طرح کی جنگوں کے اہتمام کی حمایت کرتے ہیں؟

جواب: امن کی خاطر ہونے والی جنگوں کے اہتمام پر زور دیتے ہیں۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال: ساحرؔ لدھیانوی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی۔ ( 2 )

1۔ 1822ءلدھیانہ 2۔ 1922ءلدھیانہ 3۔ 1922ءپاکستان

2) سوال: کالج کے زمانے میں ساحرؔ لدھیانوی کن جریدوں کے ایڈیٹر رہے۔ ( 1 )

1۔ ادبِ لطیف، سویرا 2۔ فنکار و شہکار 3۔ ہمایوں، صبا

3) سوال: ساحرؔ لدھیانوی کی طویل نظم کا نام بتایئے؟ ( 1 )

1۔ پرچھائیاں 2۔ جونیاں 3۔ گہرائیاں

4) سوال: ساحرؔ لدھیانوی کے شعری مجموعہ کا نام بتایئے۔ ( 3 )

1۔ چاند تاروں کا بن 2۔ سائے تلے 3۔ آؤ کہ کوئی خواب بنیں

5) سوال: نظم "اے شریف انسانو!" کس پس منظر میں لکھی گئی۔ ( 2 )

1۔ بہار وپٹنہ کی جنگ 2۔ ہندوستان وپاکستان کی جنگ 3۔ ہیروشیما کی جنگ

6) سوال : نظم "اے شریف انسانو!" کا موضوع کیا تھا۔ ( 3 )

1۔ جنگِ آزادی 2۔ فسادات 3۔ امن

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کی طویل نظم کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: "پرچھائیاں"

2) سوال : ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ادبِ لطیف اور سویرا کے ایڈیٹر رہے۔

صحیح جواب: ساحرؔ لدھیانوی

3) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شعری مجموعے کے بیسوں ایڈیشن شائع ہوئے۔

صحیح جواب: تلخیاں

4) سوال : ساحرؔ لدھیانوی۔۔۔۔۔کی حمایت میں جنگ کرنے کو پسند کرتے تھے۔

صحیح جواب: حق طلبی ، انصاف ، صداقت ، انسانیت ، اتحاد و امن ۔

5) سوال : ساحرؔ لدھیانوی۔۔۔۔۔۔۔۔کی مخالفت میں جنگ کی تلقین کی ہے۔

صحیح جواب: رشوت خوری ، قتل وغارت گری ، جھوٹ ناانصافی ، عداوت بغاوت و نفرت

6) سوال : مجموعی اعتبار سے نظم "اے شریف انسانو!" سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پیام ملتا ہے۔

صحیح جواب: امن و اتحاد و بھائی چارگی

7) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کی نظم کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: "اے شریف انسانو!"

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو سطر میں لکھئے۔

1) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کو کس کی خاطر کونسے معاہدے کے تحت لکھا گیا؟

جواب: نظم " اے شریف انسانو! " کو امن کی خاطر لکھا گیا۔ اور معاہدۂ تاشقند کے تحت لکھا گیا۔

2) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کے آغاز میں شاعر نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ مختصر لکھئے۔

جواب: شاعر نے نظم میں شریف انسانو! یعنی سمجھدار لوگوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہتا ہے کہ جنگ خود بڑا مسئلہ ہے خطرہ یا نقصان پیدا کرنے والی جنگوں کو روکنا چاہئے اسی میں عقلمندی ہے۔

3) سوال : " گھر کی تاریکیاں مٹانے کو ؛ گھر جلانا ہی کیا ضروری ہے " کا کیا مطلب ہے؟

جواب: نظم " اے شریف انسانو! " میں ساحرؔ لدھیانوی فرماتے ہیں کہ اپنے گھر کے اندھیرے کو مٹانے کے لئے کسی اور کے گھر کو جلانا انسانیت نہیں ہے۔ شاعر جنگ کے خلاف آواز اُٹھا کر امن کا درس دے رہا ہے۔

## 5۔ مشکل الفاظ کے معنی :

| | | |
|---|---|---|
| عالم | : | دنیا |
| زیست | : | زندگی |
| کشت | : | کاٹنا۔ قتل |
| خرد | : | عقلمندی۔ خوشی |
| مرگ | : | موت |
| افلاس | : | غریبی |
| تسلط | : | قابض ہو جانا |

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

1) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کے ذریعہ شاعر کیا پیام دینا چاہتا ہے مختصراً لکھئے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

2) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " میں ساحرؔ لدھیانوی کس طرح کی جنگوں کا اہتمام ضروری قرار دیتے ہیں اپنے الفاظ میں سمجھائیے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

3) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " میں ساحرؔ لدھیانوی جنگ کی حمایت میں تھے یا مخالفت میں؟ لکھئے۔

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

4) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کے شعری مجموعوں کے نام بتائیے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

5) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کی شاعرانہ خوبی کیا تھی لکھئے ؟

جواب:

## 2۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے ؟

جواب:

2) سوال : ساحرؔ لدھیانوی کی شاعری پر مختصراً لکھئے ؟

جواب:

3) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " کا خلاصہ لکھئے ؟

جواب:

4) سوال : نظم " اے شریف انسانو! " میں ساحرؔ لدھیانوی نے جنگ سے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے لکھئے ؟

جواب:

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

------------------------------------------

## 3۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) نصاب میں شامل ساحرؔ لدھیانوی کی لکھی ہوئی نظم کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

2) آؤ کہ کوئی خواب بُنیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا شعری مجموعہ ہے۔

3) " امن "کا درس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نظم میں ملتا ہے۔

☆☆☆☆☆

حِصّہ ء قواعد

# ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 1۔ صَرف کی تعریف

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : صَرف کسے کہتے ہیں ؟

جواب: صَرف میں الفاظ سے بحث کی جاتی ہے الفاظ گفتگو میں آتے ہیں اور اس کی نقل لکھنے میں کی جاتی ہے۔

2) سوال : لفظ جملے کا کیا ہوتا ہے ؟

جواب: لفظ جملے کا کم از کم جزو ہوتا ہے۔

3) سوال : لفظ کی تعریف کیجئے ؟

جواب: ہر لفظ کے کچھ نہ کچھ معنی ہوتے ہیں۔جب لفظ گفتگو یا جملے میں استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنی واضع ہوتے ہیں۔

4) سوال : لفظ کی کتنی قسمیں ہیں ؟

جواب: لفظ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ 1۔ با معنی لفظ 2۔ بے معنی لفظ۔

5) سوال : با معنی لفظ کو کیا کہتے ہیں ؟

جواب: " کلمہ " کہتے ہیں۔

6) سوال : بے معنی لفظ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: " مہمؔل " کہتے ہیں۔

7) سوال : قواعد میں کس سے بحث کی جاتی ہے؟

جواب: قواعد میں صرف (با معنی الفاظ) سے بحث کی جاتی ہے۔ بے معنی الفاظ سے قواعد کا کوئی تعلق نہیں۔

8) سوال : کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: کلمہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں (1) مستقل کلمہ (2) غیر مستقل کلمہ۔

9) سوال : " مستقل کلمہ " کس کو کہتے ہیں؟

جواب: وہ با معنی لفظ جو بغیر کسی دوسرے کلمے کی مدد کے اپنے معنی آپ دے ! جیسے کتاب ، احمد ، آیا ، گیا وغیرہ۔

10) سوال : " غیر مستقل کلمہ " کس کو کہتے ہیں؟

جواب: وہ کلمہ جو اپنے آپ سے کوئی معنی نہ دے۔ لیکن جب دوسرے کلمے کے ساتھ آئے تو معنی دے۔
جیسے کا ، کی ، کے کو ، وغیرہ۔

11) سوال : مستقل الفاظ / کلموں کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: پانچ قسمیں ہیں۔ (1) اسم (2) ضمیر (3) صفت (4) فعل (5) متعلقِ فعل۔

## عملی مشق:

### 1۔ ذیل کے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) سوال : صَرف کسے کہتے ہیں؟

جواب: صَرف میں الفاظ سے بحث کی جاتی ہے الفاظ گفتگو میں آتے ہیں اور اس کی نقل لکھنے میں کی جاتی ہے۔

2) سوال : " کلمہ " کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** با معنی لفظ کو " **کلمہ** " کہتے ہیں۔

3) **سوال :** " **مہمل** " کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** بے معنی لفظ کو " **مہمل** " کہتے ہیں۔

4) **سوال :** " **مستقل کلمہ** " کی تعریف کیجئے؟ اور مثالوں کو پیش کیجئے؟

**جواب:** وہ با معنی لفظ جو بغیر کسی دوسرے کلمے کی مدد کے اپنے معنی آپ دے۔

جیسے کتاب، احمد، آیا، گیا وغیرہ۔

5) **سوال :** " **مستقل کلمہ** " کی تعریف کیجئے اور مثالوں کو پیش کیجئے؟

**جواب:** وہ کلمہ جو اپنے آپ سے کوئی معنی نہ دے۔ لیکن جب دوسرے کلمے کے ساتھ آئے تو معنی دے۔

## عملی کام:

1) صَرف کی تعریف کیجئے؟

**جواب:**------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

2) لفظ جملے کا کیا ہوتا ہے؟

**جواب:**------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

3) قواعد میں کس سے بحث کی جاتی ہے؟

**جواب:**------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

4) مستقل کلمے کی تعریف مع مثال کیجئے؟

**جواب:**------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

5) غیر مستقل کلمے کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------

☆☆☆☆☆

# حصّہ ءشاعری

## غزل


| | | |
|---|---|---|
| 1۔ غزل | میر تقی میرؔ | 34 |
| 2۔ غزل | مرزا غالبؔ | 46 |
| 3۔ غزل | فراقؔ گورکھپوری | 57 |
| قواعد II۔ اسم اور اُس کی قسمیں | | 67 |

# غزل

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 1۔ میر تقی میرؔ

### غزل کا تعارف :

### 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: غزل کے لغوی معنی محبوب سے یا محبوب سے متعلق بات کرنے کے ہیں۔

2) سوال : زمانے کے تحت غزل میں کس طرح کے مضامین شامل ہوئے ہیں؟

جواب: وقت کے ساتھ غزل میں بھی تبدیلی آئی۔ابتداء میں غزل میں حُسن وعشق اور شراب کی باتیں بیان ہوتے تھے۔لیکن موجودہ غزل میں انسان کی زندگی کے ہر پہلو کی عکاّسی ملتی ہے۔سیاست، معاشرت، مذہب وغیرہ ہر طرح کے مضامین غزل میں پیش کیے جارہے ہیں۔

3) سوال : غزل کے چند اہم شعراء کے نام لکھئے؟

جواب: غزل کے چند اہم شعراء کے نام "میرؔ" "غالبؔ" "مومنؔ" "حالیؔ" "اقبالؔ"۔

وغیرہ۔

4) سوال : شعر کی تعریف کیجئے؟

جواب: " شعر " دو مصروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ دو مصرعے ہم وزن ہوتے ہیں۔ ان دو مصروں میں کوئی ایک خیال ہوتا ہے۔

5) سوال : غزل کتنے اشعار پر مشتمل ہوتی ہے؟

جواب: غزل کم سے کم پانچ اشعار اور زیادہ سے زیادہ پچیس اشعار پر مشتمل ہوتی ہے۔

6) سوال : ردیف کی تعریف کیجئے؟

جواب: ردیف وہ لفظ یا الفاظ ہیں جو مصروں کے آخر میں قافیہ کے بعد دہرائے جاتے ہیں۔

## 2۔ معروضی سوالات :

1) سوال : غزل کا ہر شعر معنوی اعتبار سے ہوتا ہے؟ ( 4 )

1۔ مسلسل 2۔ پیچیدہ 3۔ بے ربط 4۔ جداگانہ

2) سوال : مطلع کسے کہتے ہیں؟ ( 1 )

1۔ غزل کا پہلا شعر 2۔ غزل کا دوسرا شعر 3۔ غزل کا تیسرا شعر 4۔ غزل کا اچھا شعر

3) سوال : مقطع کسے کہتے ہیں؟ ( 3 )

1۔ غزل کا اچھا شعر 2۔ غزل کا آخری شعر 3۔ غزل کا وہ شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے
4۔ وہ شعر جو مطلع کے بعد آئے۔

4) سوال : قافیہ کسے کہتے ہیں؟ ( 4 )

1۔ شعر کے پہلے مصرعہ کا پہلا لفظ 2۔ دوسرے مصرعے کا آخری لفظ
3۔ وہ لفظ جس کی تکرار ہر شعر میں ہو 4۔ ردیف سے پہلے آنے والا لفظ

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) **سوال :** غزل اُردو شاعری کو۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔صنف ہے۔

**صحیح جواب:** مقبول اور پسندیدہ

2) **سوال :** غزل کے پہلے شعر (مطلع) کی طرح دوسرا شعر بھی ہو ایسے شعر کو۔۔۔۔کہتے ہیں۔

**صحیح جواب:** حُسنِ مطلع

3) **سوال :** شعر کے آدھے حصّے کو۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

**صحیح جواب:** مصرعہ

4) **سوال :** اُردو شاعری میں خدائے سخن کا درجہ۔۔۔۔۔شاعر کو حاصل ہے۔

**صحیح جواب:** میر تقی میرؔ

5) **سوال :** اُردو غزل کو نیم وحشی صنفِ سخن۔۔۔۔۔نے کہا۔

**صحیح جواب:** کلیم الدین احمد

## 4۔ اپنی معلومات کو جانچ کیجئے :

1) مندرجہ ذیل الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے مختصر طور پر غزل کی تعریف کیجئے۔

مطلع مقطع شعر مصرعہ ردیف قافیہ

2) چند شعراء کی فہرست تیار کیجئے۔

| شاعر کا نام | تاریخ پیدائش | مجموعۂ کلام | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| | | | |

## 5) خالی جگھوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) ردیف سے پہلے آنے والا لفظ۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

2) جس میں شاعر اپنا تخلص لاتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

3) اُردو غزل کو کلیم الدین احمد نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہاہے؟

## غزل : میر تقی میرؔ

### 1۔ عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : میر تقی میرؔ کس سال میں پیدا ہوئے؟

جواب: 1722ء۔

2) سوال : میر تقی میرؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب: آگرہ (اکبر آباد)۔

3) سوال : میرؔ کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب: علی متقی۔

4) سوال : میرؔ کے کس دور میں والد کا انتقال ہو گیا؟

جواب: بچپن۔

5) سوال : میرؔ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: میرؔ کی پرورش ان کے سوتیلے ماموں سراج الدین علی خاں آرزوؔ نے کی۔

6) سوال : میرؔ کس کے دربار میں جگہ پائی؟

جواب: نواب آصف الدولہ۔

7) سوال : میر تقی میرؔ نے اردو میں کتنے دیوان مرتب کئے؟

جواب: 6 دیوان۔

8) سوال : نکات الشعراء میر تقی میرؔ کی کس قسم کی تصنیف ہے؟

جواب: نثری تصنیف۔

9) سوال : ذکرِ میر کے مصنف کون ہیں؟

جواب: میر تقی میرؔ۔

10) سوال : میر تقی میرؔ کا انتقال کس سال میں ہوا؟

جواب: 1810ء

## 2۔ معروضی سوالات :

1) سوال : خدائے سخن کس شاعر کا لقب ہے؟ ( A )

A۔ میر تقی میرؔ B۔ غالبؔ C۔ اقبالؔ

2) سوال : میر تقی میر کب پیدا ہوئے؟ ( C )

A۔ 1720ء B۔ 1721ء C۔ 1722ء

3) سوال : میر تقی میرؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟ ( A )

A۔ آگرہ B۔ احمد آباد C۔ دہلی

4) سوال : آگرہ کا دوسرا نام کیا ہے؟ ( B )

A۔ احمد آباد B۔ اکبر آباد C۔ سلطان آباد

5) سوال : میر تقی میرؔ کے والد کا نام کیا ہے؟ ( C )

A۔ علی مرتضیٰ B۔ محمد علی C۔ علی متقی

6) سوال : میر تقی میرؔ کی پرورش کس نے کی؟ ( C )

A۔ اکبر علی B۔ محمود علی C۔ سراج الدین علی خاں

7) سوال : میر تقی میرؔ نے کس کے دربار میں جگہ پائی؟ ( A )

A۔ نواب آصف الدولہ B۔ نواب عثمان علی C۔ نواب حیدر علی

8) سوال : میر تقی میرؔ کا انتقال کب ہوا؟ ( B )

A۔ 1805ء B۔ 1810ء C۔ 1815ء

9) سوال : میر تقی میرؔ کو کس شہر میں مدفون ہیں؟ ( B )

A۔ دہلی B۔ لکھنؤ C۔ احمد آباد

10) سوال : میر تقی میرؔ کی محبوب صنف کونسی ہے؟ ( C )

A۔ نظم B۔ مثنوی C۔ غزل

11) سوال : میر تقی میرؔ نے اُردو میں کتنے دیوان مرتب کیا؟ ( A )

A۔ 6 B۔ 2 C۔ 4

12) سوال : میر تقی میرؔ نے فارسی میں کتنے دیوان مرتب کیا؟ ( C )

A۔ ایک B۔ تین C۔ پانچ

13) سوال : میر تقی میرؔ کی شاعری کا اندازِ بیان کیسا ہے؟ ( B )

A۔ مشکل B۔ سادہ اور سلیس C۔ اوسط

14) سوال : نکات الشعراء میر تقی میرؔ کی کس قسم کی تصنیف ہے؟ ( A )

A۔ نثری B۔ شاعری C۔ تنقید

15) سوال : ذکرِ میر کے مصنف کا نام؟ ( B )

A۔ مرزا غالبؔ B۔ میر تقی میرؔ C۔ میر حسنؔ

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : خدائے سخن۔۔۔۔۔۔۔۔کا لقب ہے؟

صحیح جواب: میر تقی میرؔ

2) سوال : میر تقی میرؔ۔۔۔۔۔۔۔سال میں پیدا ہوئے۔

صحیح جواب: 1722ء

3) سوال : میر تقی میرؔ۔۔۔۔۔۔۔شہر میں پیدا ہوئے۔

صحیح جواب: آگرہ (اکبر آباد)

4) سوال : میر کی پرورش۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے کی۔

صحیح جواب: سراج الدین علی خاں آرزوؔ

5) سوال : میر تقی میرؔ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے دربار میں جگہ پائی۔

صحیح جواب: نواب آصف الدولہ

6) سوال : میرؔ کا شاعرانہ انداز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

صحیح جواب: سادہ اور سلیس

7) سوال : نکات الشعراء میرؔ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تصنیف ہے۔

صحیح جواب: نثری

8) سوال : میر تقی میرؔ نے اردو میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دیوان مرتب کئے۔

صحیح جواب: چھ (6)

9) سوال : میرؔ کی محبوب صنف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: غزل

10) سوال : میر تقی میرؔ کا انتقال۔۔۔۔۔۔سنہ میں۔۔۔۔۔۔شہر میں ہوا۔

صحیح جواب: 1810ء ، لکھنؤ

## (4) 1۔ جوڑ ملایئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خدائے سخن | (A) | 1722ء | C |
| 2 | میرؔ کا پیدائشی مقام | (B) | اکبر آباد | E |
| 3 | میرؔ کے والد کا نام | (C) | میر تقی میرؔ | D |
| 4 | میرؔ کی سن پیدائش | (D) | علی متقی | A |
| 5 | آگرہ کا دوسرا نام | (E) | آگرہ | B |

## (4) 2۔جوڑ ملایئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | میرؔ کی پرورش | (A) | غزل | E |
| 2 | میرؔ کے اُردو دیوان | (B) | ایک | D |
| 3 | میرؔ کی محبوب صنف | (C) | 1810ء | A |
| 4 | میرؔ کے فارسی دیوان | (D) | 6 | B |
| 5 | میرؔ کا انتقال | (E) | سراج الدین علی خاں | C |

## 4۔ مشکل الفاظ کے معنی:

غرور : گھمنڈ

تاجوری : بادشاہی

نوحہ : رونا

آفاق : آسمان کا کنارہ

زنداں : قید خانہ ، جیل

شورِش : فتنہ ، فساد

آشُفتہ : پریشان

سوختہ : مصیبت زدہ ، افسردہ

## 5۔ غزل کے اشعار اور تشریح:

1) شعر : جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

تشریح : یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ شاعر اپنی غزل کے خوبصورت مطلع میں لکھتے ہیں کہ جس بادشاہت پر غرور ہے وہی بادشاہت کل برباد ہو جائے گی۔ آج جس چیز پر غرور کر رہے ہیں وہ چیز کل ختم ہونے پر سوائے رونے کے کچھ نہیں کرسکتے۔ اس لئے شاعر کا کہنا ہے کہ اگر دولت بھی مل جائے تو اُس پر غرور نہ کرے ورنہ پچھتانا پڑے گا۔

2) شعر : آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لُٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

تشریح : یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ میر تقی میرؔ اس شعر میں لکھتے ہیں کہ انسان کی منزل آخرت ہے جب دنیا سے آخرت کی طرف واپس لوٹتے ہیں تو خالی ہاتھ لوٹتے ہیں۔ انسان ایک مسافر ہے دو دن کی زندگی کے لئے آتا اور چلا جاتا ہے۔

3) شعر : زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنون کی
اب سنگ مداوا ہے اس آشُفتہء سری کا

تشریح : یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ اس شعر میں شاعر میر تقی میرؔ لکھتے ہیں کہ قید خانہ میں بند ہونے کے باوجود بھی ان کی فطرت نہیں گئی۔ کیونکہ وہ دنیا کے کاموں میں پاگل ہوگئے ہیں۔ دنیا کو سب کچھ سمجھ بیٹھے ہیں۔ یہ زمین ان کی مستقل زندگی سمجھ بیٹھے ہیں۔ لیکن ہر چیز ایک دن فنا ہونے والی ہے۔ اس لئے اس جنون سے باہر آنا چاہئے۔

4) شعر : لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

**تشریح :** یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔اس شعر میں شاعر میر تقی میرؔ نے دنیا کی بے ثباتی کو پیش کیا ہے کیونکہ خدا نے آسمان کو بغیر کناروں کے پیدا کیا یہ خدا کی کاری گری ہے۔ جتنی بھی دور جائیں آسمان کا کنارہ نظر نہیں آتا یہ خدا کی قدرت ہے اس کی قدرت کے بغیر سانس لینا بھی مشکل ہے۔

5) **شعر :** ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے
کیا یار بھروسہ ہے چراغِ سحری کا

**تشریح :** یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ میر تقی میرؔ غزل کے مقطع میں لکھتے ہیں کہ اے میرؔ تمہارے نازک دل کی خبر لو کیونکہ تمہارا دل غم زدہ ہو گیا ہے کل کا کیا بھروسہ موت کب آئے گی کسی کو پتا نہیں کیونکہ ہر ایک کو کسی نہ کسی دن موت کی آغوش میں جانا ہے۔

## عملی کام:

### 1۔ اپنی معلومات کی جانچ کیجئے۔

### (1) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

(1) **شعر :** جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

تشریح------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

(2) شعر : لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

تشریح

(2) مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : میرؔ کی غزل سے مطلع کی نشاندہی کیجئے؟

جواب:

2) سوال : میرؔ کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب:

3) سوال : میر تقی میرؔ نے اُردو میں کتنے دیوان مرتب کئے؟

جواب:

4) سوال : میرؔ نے کس کے دربار میں جگہ پائی؟

جواب:

5) سوال : میر تقی میرؔ کا انتقال کب ہوا؟

جواب:

## (3) طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) سوال : غزل کی تعریف کیجئے؟ اور کوئی دو شعراء کے نام لکھئے ؟

جواب ----------------------------------------

2) سوال : میرؔ کے شعری اسلوب کے اہم نکات بیان کیجئے ؟

جواب ----------------------------------------

☆☆☆☆☆


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# غزل

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 2۔ مرزا غالبؔ

### شاعر کا تعارف :

### غزل : مرزا غالبؔ

### 1۔ عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : غالبؔ کا اصل نام کیا ہے

جواب: مرزا اسد اللہ خاں۔

2) سوال : غالبؔ کی عرفیت کیا ہے ؟

جواب: مرزا نوشہ۔

3) سوال : غالبؔ کے خطاب کیا ہیں؟

جواب: نجم الدولہ ، دبیر الملک۔

4) سوال : غالبؔ کس سال پیدا ہوئے ؟

جواب: 1977ء۔

5) سوال : غالبؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب: آگرہ۔

6) سوال : آگرہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: اکبر آباد۔

7) سوال : غالبؔ کا ایک اور تخلص کیا تھا۔

جواب: اسدؔ

8) سوال : غالبؔ کے آباواجداد کہاں سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے تھے؟

جواب: وسطِ ایشیاء سے۔

9) سوال : غالبؔ کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب: عبداللہ بیگ ۔

10) سوال : غالبؔ کے والد کا انتقال کس سال ہوا؟

جواب: 1801ء۔

11) سوال : غالبؔ کے والد کے انتقال کے بعد غالبؔ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: چچا نصراللہ بیگ۔

12) سوال : غالبؔ کا بچپن کس شہر میں گزرا؟

جواب: آگرہ۔

13) سوال : غالبؔ نے فارسی اور عربی کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب: مولوی شیخ معظم۔

14) سوال : غالبؔ نے اپنی شاعری کا آغاز کس عمر میں کیا؟

جواب: گیارہ برس میں۔

15) سوال : غالبؔ کس کے دربار سے وابستہ رہے؟

جواب: بہادر شاہ ظفرؔ۔

16) سوال : غالبؔ کس بادشاہ کے اُستاد رہے؟ یا ذوقؔ کے انتقال کے بعد غالبؔ کس کے اُستاد مقرر ہوئے؟

جواب: بہادر شاہ ظفرؔ۔

17) سوال : غالبؔ کو اُردو غزل میں کس کا بانی مانا جاتا ہے؟

جواب: فکری رجحانات

18) سوال : اُردو خطوط نگاری میں کس کو اوّل مقام حاصل ہے؟

جواب: غالبؔ کو۔

19) سوال : غالبؔ کی وفات کس سال ہوئی؟

جواب: 1869ء۔

20) سوال : غالبؔ کہاں مدفون ہیں؟ یا غالبؔ کا مزار کہاں ہے؟

جواب: دہلی نظام الدین اولیاؒ کی درگاہ کے قریب۔

## 2۔ معروضی سوالات :

1) سوال : غالبؔ کا کیانام ہے؟ ( A )

A۔ مرزا اسد اللہ خاں B۔ عبد اللہ بیگ C۔ نصر اللہ بیگ

2) سوال : غالب کی عرفیت کیا ہے؟ ( C )

A۔ مرزا B۔ نوشہ C۔ مرزا نوشہ

3) سوال : غالبؔ کا خطاب کیا ہے؟ ( B )

A۔ اسدؔ B۔ نجم الدولہ C۔ غالبؔ

4) سوال : غالبؔ کس سال پیدا ہوئے؟ ( A )

A۔ 1797ء B۔ 1897ء C۔ 1869ء

5) سوال : غالبؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟ ( C )

A۔ دہلی B۔ ہریانہ C۔ آگرہ

6) سوال : آگرہ کا دوسرا نام کیا ہے؟ ( B )

A۔ فیض آباد B۔ اکبر آباد C۔ احمد آباد

7) سوال : غالبؔ کا ایک اور تخلص تھا؟ ( A )

A۔ اسدؔ B۔ خانؔ C۔ بہادرؔ

8) سوال : غالبؔ کے آباواجداد کہاں سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے تھے؟ ( A )

A۔ وسطِ ایشیاء B۔ برطانیہ C۔ آفریقہ

9) سوال : غالبؔ کے والد کا نام کیا ہے؟ ( A )

A۔ عبداللہ بیگ B۔ نصراللہ بیگ C۔ اسداللہ بیگ

10) سوال : غالبؔ کے والد کا انتقال کس سال میں ہوا؟ ( C )

A۔ 1701ء B۔ 1710ء C۔ 1801ء

11) سوال : غالبؔ کی پرورش کس نے کی؟ ( A )

A۔ چچا B۔ ماموں C۔ نانا

12) سوال : غالبؔ نے اپنی شاعری کا آغاز کس عمر میں کی؟ ( C )

A۔ نو برس B۔ دس برس C۔ گیارہ برس

13) سوال : غالبؔ کس دربار سے وابسطہ تھے؟ ( B )

A۔ ذوقؔ B۔ بہادر شاہ ظفرؔ C۔ نواب علی

14) سوال : غالبؔ کو اُردو غزل میں کس کا بانی مانا جاتا ہے؟ ( C )

A۔ ادبِ فکر B۔ مثنوی C۔ فکرِ رجانات

15) سوال : اُردو خطوط نگاری میں کس کو اوّل مقام حاصل ہے؟ ( A )

A۔ غالبؔ B۔ ذوقؔ C۔ میرؔ

16) سوال : غالبؔ کی وفات کس سال میں ہوئی؟ ( B )

A۔ 1859ء B۔ 1869ء C۔ 1879ء

3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : غالبؔ کا اصل نام۔۔۔۔۔۔ہے؟

صحیح جواب: اسد اللہ خاں

2) سوال : غالبؔ کی عرفیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: مرزا نوشہ

3) سوال : غالبؔ کے خطاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

صحیح جواب: نجم الدولہ ، دبیر الملک

4) سوال : غالبؔ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال میں پیدا ہوئے۔

صحیح جواب: 1797ء

5) سوال : غالبؔ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شہر میں پیدا ہوئے۔

صحیح جواب: آگرہ

6) سوال : آگرہ کا دوسرا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: اکبر آباد

7) سوال : ذوقؔ کے انتقال کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے بہادر شاہ ظفرؔ کے استاد مقرر ہوئے۔

صحیح جواب: مرزا غالبؔ

8) سوال : غالبؔ نے اپنی شاعری کا آغاز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمر میں کیا۔

صحیح جواب: گیارہ برس کی عمر میں

9) سوال : غالبؔ کو اُردو غزل میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا بانی مانا جاتا ہے۔

صحیح جواب: فکری رجحانات

10) سوال : غالبؔ کی وفات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوئی۔

صحیح جواب: 1869ء ، دہلی

(4) 1۔ جوڑ ملائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | غالبؔ کا نام | (A) | مرزا نوشہ | D |
| 2 | غالبؔ کا پیدائش مقام | (B) | نجم الدولہ | E |
| 3 | غالبؔ کی عرفیت | (C) | 1797ء | A |
| 4 | غالبؔ کی سن پیدائش | (D) | مرزا اسد اللہ خاں | C |
| 5 | غالبؔ کا خطاب | (E) | آگرہ | B |

(4) 2۔ جوڑ ملائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | آگرہ کا دوسرا نام | (A) | اسدؔ | E |
| 2 | غالبؔ کا ایک اور تخلص | (B) | عبد اللہ بیگ | A |
| 3 | غالبؔ کے والد کا نام | (C) | نصر اللہ بیگ | B |
| 4 | غالبؔ کے والد کا انتقال | (D) | 1801ء | D |
| 5 | غالبؔ کے چچا کا نام | (E) | اکبر آباد | C |

(4) 3۔ جوڑ ملائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | غالبؔ کے عربی اور فارسی کے استاد | (A) | غالبؔ | C |
| 2 | غالبؔ کی سنِ وفات | (B) | آگرہ | D |
| 3 | غالبؔ کا بچپن | (C) | مولوی شیخ معظم | B |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | غالبؔ کی تدفین | (D) | 1869ء | E |
| 5 | اردو خطوط نگاری میں اوّل مقام | (E) | دہلی | A |

## 4۔ مشکل الفاظ کے معنی:

| | | |
|---|---|---|
| ارمان | : | آرزو ، خواہش |
| خُلد | : | جنّت |
| آدم | : | حضرت آدم علیہ السلام |
| بے آبرو | : | بے عزّت ، شرمندگی |
| کوچہ | : | گلی ، محلّہ |
| واعظ | : | وعظ کرنے والا ، نصیحت کرنے والا |
| میخانہ | : | شراب خانہ |

## 5۔ غزل کے اشعار اور تشریح:

1) شعر : ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

تشریح : یہ شعر غالبؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ غالبؔ اپنی غزل کے مطلع میں کہتے ہیں کہ انسان کی خواہشات لامحدود ہیں۔ایک خواہش پوری ہوتی ہے تو دوسری خواہش پیدا ہو جاتی ہے۔شاعر کہتا ہے کہ اُس کی بے شمار خواہش ہیں۔ جو کہ خواہش کی تکمیل کے لیے وہ مرمٹتا ہے۔اُس کی بہت سی خواہش پوری ہوئی ہیں۔ مگر پھر بھی گلہ ہے کہ اُس کے بہت کم ارمان پورے ہوئے ہیں۔یعنی انسان کی خواہش کبھی ختم ہونے والی نہیں ہیں اور یہ سلسلہ آخری سانس تک چلتا رہتا ہے ۔

2) **شعر** : نکلنا خُلد سے آدم کا سُنتے آئے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

**تشریح** : یہ شعر غالبؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ غالبؔ اس شعر میں کہتے ہیں کہ ہم صدیوں سے سُنتے آرہے ہیں کہ آدمؑ کو اللہ نے خُلد یعنی جنّت سے نکال دیا کیونکہ آدمؑ نے خدا کی بات کو جھٹلایا تھا۔ لیکن ہم وفا کرنے کے باوجود محبوب کی گلی سے بے آبرو ہو کر نکالے گئے۔

3) **شعر** : مگر لِکھوائے کوئی اس کو خط تو ہم سے لِکھوائے
ہوئی صبح اور کان پر دَھر کر قلم نکلے

**تشریح** : یہ شعر غالبؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ غالبؔ کہتے ہیں کہ اگر کسی کو محبوب کے لیے خط لکھوانا ہے تو اس سے لکھوائے۔ کیوں کہ وہ اس کام میں ماہر ہے اور صبح سے شام تک یہی کام کرتا ہے۔ اور اس ہنر سے بھی واقف ہے کہ کن باتوں سے محبوب کو متاثر کیا جاسکتا ہے۔ کیوں کہ اس کا کام ہی محبوب کے لیے خط لکھنا ہے۔

4) **شعر** : محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا
اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافِر پہ دم نکلے

**تشریح** : یہ شعر غالبؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ غالبؔ اس شعر میں کہتے ہیں کہ جس پر ہم مرمٹتے ہیں وہی ہمارے جینے کا سہارا ہے۔ اسی لیے شاعر محسوس کر رہا ہے کہ محبت میں جینے اور مرنے کا فرق نہیں ہے۔

5) **شعر** : کہاں میخانہ کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں ، کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

3) صفتِ ذاتی کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے؟

جواب:------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

4) ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجئے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | عمر ایک غریب لڑکا ہے | | (        ) |
| 2 | یہ گہرا تالاب ہے | | (        ) |
| 3 | جاپانی لوگ محنتی ہوتے ہیں | | (        ) |
| 4 | چار کتابیں ہیں | | (        ) |
| 5 | دس کلو چاول | | (        ) |

5) ذیل کے الفاظ کو ان کی صفت سے جوڑیئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | کون | صفتِ ذاتی | (     ) |
| 2 | تین | صفتِ نسبتی | (     ) |
| 3 | نیک | صفتِ عددی | (     ) |
| 4 | ایک میٹر | صفتِ مقداری | (     ) |
| 5 | بنگالی | صفتِ ضمیری | (     ) |

☆☆☆☆☆

حِصّہ ءنثر

# ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 3۔ ارہر کا کھیت

رشید احمد صدیقی

## مصنف کا تعارف :

## سوالات و جوابات

1) **سوال :** رشید احمد صدیقی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** رشید احمد صدیقی 25/ دسمبر 1894ء کو قصبہ بیریا ضلع بلیا میں پیدا ہوئے۔

2) **سوال :** رشید احمد صدیقی نے ابتدائی تعلیم کس استاد سے حاصل کی؟

**جواب:** رشید احمد صدیقی نے ابتدائی تعلیم مولوی قدرت اللہ سے حاصل کی۔

3) **سوال :** رشید احمد صدیقی نے 1914ء میں کس امتحان میں کامیابی حاصل کی؟

**جواب:** رشید احمد صدیقی نے 1914ء میں انٹرنس کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔

4) **سوال :** رشید احمد صدیقی کس مضمون میں کمزور تھے؟

**جواب:** رشید احمد صدیقی ریاضی میں بہت کمزور تھے۔اور ہر سال اس میں ناکام ہو جاتے تھے۔

5) سوال: رشید احمد صدیقی کو پڑھنے لکھنے سے زیادہ کس کا شوق تھا؟

جواب: رشید احمد کو پڑھنے لکھنے سے زیادہ کھیل کود کا بہت شوق تھا۔

6) سوال: کس سال رشید احمد صدیقی کا علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں مستقل تقرر ہوا؟

جواب: 1926ء کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں مستقل تقرر ہوا۔

7) سوال: رشید احمد صدیقی بحیثیت پروفیسر کب سبکدوش ہوئے؟

جواب: رشید احمد صدیقی 1958ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔

8) سوال: رشید احمد صدیقی کو حکومتِ ہند نے کس اعزاز سے نوازا؟

جواب: 1963ء میں یومِ جمہوریہ کے موقع پر ان کی ادبی خدمات کا اعتراف میں حکومتِ ہند نے انہیں " پدماشری " کے اعزاز سے نوازا۔

9) سوال: رشید احمد صدیقی کی کتاب " غالب کی شخصیت اور شاعری " پر کس اکیڈمی سے ادبی اعزاز ملا؟

جواب: 1971ء میں ساہتیہ اکیڈمی سے ان کو ادبی اعزاز سے نوازا۔

10) سوال: رشید احمد صدیقی عام طور پر کس نوعیت کی تحریروں سے مشہور ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی عام طور پر طنز و مزاح نگار سے مشہور ہیں۔ لیکن وہ مرقع نگار اور بہترین انشاپرداز بھی ہیں۔

11) سوال: رشید احمد صدیقی کی تحریریں اکثر کس کے ذیل میں آتی ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی کی اکثر تحریریں انشائیہ نگاری کے ذیل میں آتی ہیں۔

12) سوال: رشید احمد صدیقی کے مقبول انشائیے کونسے ہیں؟

جواب: " ارہر کا کھیت " اور " وکیل " رشید احمد صدیقی کے بہت مقبول انشائیے ہیں۔

13) سوال: رشید احمد صدیقی کے خاکوں کے کتنے مجموعے ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی کے خاکوں کے دو مجموعے ہیں۔ ایک " گنجہائے گراں مایہ " اور دوسرا " ہم نفسانِ رفتہ " ہیں۔

14) سوال: رشید احمد صدیقی کی اہم کتاب کونسی ہے؟

جواب: رشید احمد صدیقی کی اہم کتاب " طنزیات و مضحکات " ہے۔

15) **سوال :** رشید احمد صدیقی کا انتقال کب ہوا؟

**جواب:** رشید احمد صدیقی کا انتقال جنوری 1977ء میں ہوا۔

## مضمون : ارہر کا کھیت

### عمومی سوالات وجوابات

1) **سوال :** دیہات میں ارہر کے کھیت کو کس کی اہمیت حاصل ہے؟

**جواب:** دیہات میں ارہر کے کھیت کو وہی اہمیت حاصل ہے جو " ہائیڈ پارک " کو لندن میں ہے۔

2) **سوال :** کس کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں۔

**جواب:** ہائیڈ پارک کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں۔

3) **سوال :** کس کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہو جاتی ہیں؟

**جواب:** ارہر کے کھیتوں کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہو جاتی ہیں۔

4) **سوال :** دیہاتوں کی اسمبلی کیا ہے؟

**جواب:** " ارہر کا کھیت " دیہاتوں کی اسمبلی ہے۔

5) **سوال :** کسان اور تھکے ہوئے مویشی کے ذہن میں کیا بات ہوتی ہے؟

**جواب:** کسان اور مویشی دونوں کے ذہن میں ایک ہی بات ہوتی ہے کہ گھر پہنچ کر کھانا ملے گا، سونے کو ملے گا اور عافیت ملے گی۔

6) **سوال :** کس کا خاندان ایک ہی ہوتا ہے؟

**جواب:** مویشی اور مالی دونوں کا خاندان ایک ہی ہوتا ہے۔

7) **سوال :** ارہر کے کھیت کا کیا کرشمہ ہے؟

**جواب:** ارہر کے کھیت کا کرشمہ یہ ہے کہ بچھڑے یہاں ضرور ملتے ہیں۔

8) **سوال :** کس کا سماں اکثر ہندوستان کے ارہر کے کھیت میں نظر آتا ہے؟

**جواب:** یورپ میں ماسکو ریڈ (جشنِ نقاب پوشی) منایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں اکثر اس کا سماں نظر آتا ہے۔

9) سوال : ہندوستان میں جوانی کھونے کے دو بڑے جانے پہچانے مقامات کونسے تھے؟

جواب: شہر کی گلیاں اور ارہر کے کھیت یہ دونوں جوانی کھونے کے ہندوستان میں دو بڑے مقامات ہیں۔

10) سوال : کون سمجھتا ہے کہ جب تک زمین دار اور پٹواری موجود ہیں اس کی ساری ملکیت منقولہ ہے اِلاّ عورت؟

جواب: کسان سمجھتا ہے کہ جب تک زمین دار اور پٹواری موجود ہیں اس کی ساری ملکیت منقولہ ہے اِلاّ عورت

11) سوال : دیہات کا آدمی عورت کو کیا سمجھتا ہے؟

جواب: دیہات کا آدمی عورت کو مایۂ عزّت سمجھتا ہے۔

12) سوال : تعلیم یافتہ آدمی عورت کو کیا سمجھتا ہے؟

جواب: تعلیم یافتہ آدمی کے نزدیک عورت ایک جنسی تقاضہ ہے۔

13) سوال : ارہر کا کھیت کس کا پارلیمنٹ ہے؟

جواب: ارہر کا کھیت دیہات کی زنانہ کا پارلیمنٹ ہے۔

14) سوال : کونسل اور اسمبلی کا تصور کہاں سے لیا گیا؟

جواب: ارہر کا کھیت دیہات کی زنانہ پارلیمنٹ ہے اور کونسل و اسمبلی کا تصور یہیں سے لیا گیا ہے۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

ہائیڈ پارک کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں۔ لیکن ارہر کے کھیتوں کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہوتی ہیں۔ یورپ کی عورتوں کو حقوق طلبی کا خیال بہت بعد میں پیدا ہوا لیکن ارہر کے کھیت میں کتنی گاؤں والیاں مسز پنکھرسٹ سے گذر چکی ہیں۔ یہ دیہاتوں کی اسمبلی ہے جہاں عورتوں اور بچوں کو گاؤں کی انتظامی حکومت میں اتنا ہی دخل ہوتا ہے جتنا ہندوستانی پارلیمنٹ میں اراکین پارلیمنٹ کو۔ دونوں بولتے ہیں۔

1) سوال : کس کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں؟

جواب: ہائیڈ پارک کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں۔

2) سوال : کس کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہوتی ہیں؟

جواب: ارہر کے کھیتوں کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہوتی ہیں۔

3) **سوال :** کس کی عورتوں کو حقوق طلبی کا خیال بہت بعد میں آیا؟

**جواب:** یورپ کی عورتوں کو حقوق طلبی کا خیال بہت بعد میں پیدا ہوا۔

4) **سوال :** عورتوں اور بچوں کو گاؤں کی انتظامی حکومت میں کتنا دخل ہوتا ہے ؟

**جواب:** عورتوں اور بچوں کو گاؤں کی انتظامی حکومت میں اتنا ہی دخل ہوتا ہے جتنا ہندوستانی پارلیمنٹ میں اراکین پارلیمنٹ کو۔

5) **سوال :** کون دونوں بولتے ہیں؟

**جواب:** عورتیں اور اراکین پارلیمنٹ۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) **سوال :** رشید احمد صدیقی کہاں پیدا ہوئے ؟۔ ( 2 )

1۔ ضلع بجنور　2۔ ضلع بلیا　3۔ ضلع جونپور

2) **سوال :** رشید احمد صدیقی نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟ ( 3 )

1۔ برکت اللہ　2۔ ہدایت اللہ　3۔ قدرت اللہ

3) **سوال :** رشید احمد صدیقی نے انٹرنس کا امتحان کب پاس کیا؟ ( 1 )

1۔ 1914ء　2۔ 1916ء　3۔ 1918ء

4) **سوال :** لندن میں ہائیڈ پارک کو جو اہمیت حاصل ہے وہ ہندوستان میں کسے حاصل ہے ؟ ( 2 )

1۔ گاؤں کو　2۔ ارہر کے کھیت کو　3۔ شہر کو

5) **سوال :** کس کی خوش فعلیاں اکثر آرٹ یا اس کی عریانیوں پر ختم ہو جاتی ہیں۔ ( 2 )

1۔ ارہر کے کھیت کی　2۔ ہائیڈ پارک کی　3۔ دونوں کی

6) **سوال :** کس کی عریانیاں اکثر واٹر پولوں پر تمام ہو جاتی ہیں؟ ( 1 )

1۔ ارہر کے کھیت کی　2۔ ہائیڈ پارک کی　3۔ دونوں کی

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال : رشید احمد صدیقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مضمون میں بہت کمزور تھے۔

صحیح جواب: ریاضی

2) سوال : رشید احمد صدیقی کو پڑھنے لکھنے سے زیادہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا شوق تھا۔

صحیح جواب: کھیل کود

3) سوال : رشید احمد صدیقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یونیورسٹی سے وابستہ تھے۔

صحیح جواب: علی گڑھ مسلم

4) سوال : ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دیہاتوں کی اسمبلی ہے۔

صحیح جواب: ارہر کا کھیت

5) سوال : کسان اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دونوں کے ذہن میں ایک ہی بات ہوتی ہے۔

صحیح جواب: مویشی

6) سوال : مویشی اور مالی دونوں کا ایک ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔

صحیح جواب: خاندان

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : رشید احمد صدیقی بحیثیت پروفیسر کب سبکدوش ہوئے؟

جواب: 1958ء میں سبکدوش ہوئے۔

2) سوال : حکومتِ ہند نے رشید احمد صدیقی کو کس اعزاز سے نوازا؟

جواب: " پدما شری " کے اعزاز سے نوازا ہے۔

3) سوال : رشید احمد صدیقی کے مقبول انشائیے کے نام کیا ہیں؟

جواب: "ارہر کا کھیت" اور "وکیل" یہ دونوں بہت مقبول ہیں۔

4) سوال: ارہر کے کھیت کا کرشمہ کیا ہے؟

جواب: ارہر کے کھیت کا کرشمہ یہ ہے کہ بچھڑے یہاں ضرور ملتے ہیں۔

5) سوال: دیہات کا آدمی عورت کو کیا سمجھتا ہے؟

جواب: دیہات کا آدمی عورت کو "مایہءعزّت" سمجھتا ہے۔

6) سوال: تعلیم یافتہ آدمی عورت کو کیا سمجھتا ہے؟

جواب: تعلیم یافتہ آدمی عورت کو ایک جنسی تقاصہ سمجھتا ہے۔

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

جوانی کھونے کے ہندوستان میں دو بڑے جانے پہچانے مقام تھے۔ شہر کی گلیاں اور ارہر کے کھیت۔ اب ان میں یونیورسٹیوں اور کارخانوں کا بھی اضافہ کر لیا گیا ہے یہاں کے بھٹکے یا راندہ و درماندہ یا توشفاخانے یا جیل خانے پہنچتے ہیں ۔ہسپتال سے زندگی اور جیل خانے سے موت گھبراتی ہے۔

1) سوال: جوانی کھونے کے ہندوستان میں دو بڑے جانے پہچانے مقام کونسے ہیں؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------

2) سوال: اب ان مقامات میں کس کا اضافہ کر لیا گیا ہے؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------

3) سوال: یہاں کے بھٹکے یا راندہ و درماندہ کہاں پہنچتے ہیں؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------

4) سوال: ہسپتال سے کون گھبراتی ہے؟

جواب:------------------------------------------------------------------

5) سوال : جیل جانے کون گھبراتی ہے؟

جواب:------------------------------------------------------------------

## 2۔ متن کے حوالے سے عبارت کی تشریح کیجئے۔

1) دونوں بولتے ہیں، ضد کرتے ہیں، جھگڑتے ہیں، ضد کرتے ہیں اور اپنے اپنے گھر کا راستہ لیتے ہیں۔

تشریح------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------

2) ناظرین یہ سمجھ گئے ہوں گے کہ لشکر کس مہم پر روانہ ہوا تھا؟

تشریح------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------

3) فلاں کی شادی کب اور کہاں ہو رہی ہے؟ داروغہ جی کیوں آئے اور کیا لے کر گئے؟

تشریح------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------

------------------------------------------

4) حاجی صاحب قبلہ نے گھبرا کر بے اختیار ہو کر فرمایا: ارے میاں یہ سب تو ہوا، اب کیا ہوا؟

تشریح ----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

----------------------------------

## 3۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : ارہر کے کھیت میں کیا کیا پیش آتے ہیں؟

جواب: ----------------------------------------------------------

2) سوال : گاؤں کا دھواں پھیلنے لگتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

جواب: ----------------------------------------------------------

3) سوال : ارہر کے کھیت میں کن واقعات پر بحث ہوتی ہے؟

جواب: ----------------------------------------------------------

4) سوال : کھیت کے چاروں طرف سے کون نکلنے لگے؟

جواب: ----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) سوال : " ارہر کا کھیت " کا خلاصہ لکھئے؟

جواب: ----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------

---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
-----------------------------------

2) سوال : رشید احمد صدیقی کے بارے میں اپنی معلومات لکھیئے۔

جواب:---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
---------------------------------------------
------------------------

## 5۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) ارہر کا کھیت-------------کا مضمون ہے۔

2) رشید احمد صدیقی کو " پدم شری " کا اعزاز------------میں ملا۔

3) ہائیڈ پارک--------------شہر میں ہے۔

☆☆☆☆☆

# قواعد

## ورک بُک برائے سالِ اوّل – زبان برائے دُوّم

# 5۔ فعل اور اس کی قسمیں

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : فعل کس کو کہتے ہیں ؟

جواب: کسی کام کے کرنے یا ہونے کو " فعل " کہتے ہیں۔

2) سوال : فاعل کسے کہتے ہیں ؟

جواب: کام کرنے والے کو " فاعل " کہتے ہیں۔

3) سوال : مفعول کسے کہتے ہیں ؟

جواب: کام کے اثر کو لینے والے کو " مفعول " کہتے ہیں۔

4) سوال : فعل کے لحاظ سے جملے کے کتنے حصّے ہوتے ہیں ؟

جواب: فعل کے لحاظ سے جملے کے تین حصّے ہوتے ہیں۔

1۔ فاعل وہ ہے جس سے کوئی کام سرزد ہو۔

2۔ مفعول وہ ہے جس پر کسی کام کا اثر پڑے۔

3۔ فعل کسی کام کے کرنے یا ہونے کو کہتے ہیں۔

5) سوال : معنی کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

جواب: معنی کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔

(1) فعلِ متعدی (2) فعلِ لازم (3) فعلِ ناقص

6) سوال : " فعلِ متعدی " کسے کہتے ہیں؟

جواب: فعلِ متعدی وہ فعل ہے جس کے مفہوم کو واضح کرنے کے لئے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ مثلاً: اختر نے گھر بنایا ، امین نظم لکھ رہا ہے۔

7) سوال : " فعلِ لازم " کسے کہتے ہیں؟

جواب: فعلِ لازم وہ فعل ہے جو صرف اپنے فاعل کے ساتھ مل کر پورا مطلب ادا کرے۔

مثلاً: مور ناچا ، عمران دوڑا وغیرہ۔

8) سوال : " فعلِ ناقص " کسے کہتے ہیں؟

جواب: فعلِ ناقص وہ فعل ہے جو کسی پر اثر نہ ڈالے۔ مگر کسی حالت یا عمل کو ظاہر کرے۔

مثلاً: یوسف دوڑ میں اوّل رہا ، وہ جاہل کا جاہل رہا ، ارشد بیمار ہوا وغیرہ۔

## عملی مشق:

### 1۔ ذیل کے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) سوال : فعل کی تعریف کیجئے اور مثال بھی دیجئے؟

جواب: فعل کسی کام کے کرنے یا ہونے کو کہتے ہیں۔

جیسے : احمد روٹی کھا رہا ہے۔ فاطمہ اسکول جا رہی ہے ۔ ان میں کھانا ، جانا فعل ہے۔

2) سوال : فاعل کی تعریف مع مثال کیجئے؟

جواب: فاعل وہ ہے جس سے کوئی کام سرزد ہوتا ہے۔


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

مثلاً : احمد روٹی کھا رہا ہے۔ اس میں احمد " فاعل " ہے۔
فاطمہ اسکول جا رہی ہے۔ اس میں فاطمہ " فاعل " ہے۔

3) سوال : مفعول کسے کہتے ہیں؟
جواب: مفعول وہ ہے جس پر کسی کام کا اثر پڑے۔
مثلاً : اختر نے گھر بنایا۔ اس میں گھر " مفعول " ہے۔
امین نظم لکھ رہا ہے۔ اس میں نظم " مفعول " ہے۔

4) ذیل میں دیئے گئے جملوں میں فعل، فاعل، مفعول کی نشاندہی کریں؟

جواب: 1۔ احمد کتاب پڑھ رہا ہے۔
(1) احمد فاعل (2) کتاب مفعول (3) پڑھنا فعل ہے

2۔ عمر گھر کو جا رہا ہے۔
(1) عمر فاعل (2) گھر مفعول (3) جانا فعل ہے

3۔ عمران روٹی کھا رہا ہے۔
(1) عمران فاعل (2) روٹی مفعول (3) کھانا فعل ہے

4۔ زُبیر نے عابد کو مارا۔
(1) زُبیر فاعل (2) عابد مفعول (3) مارا فعل ہے

5۔ زاہد نے کرسی توڑا۔
(1) زاہد فاعل (2) کرسی مفعول (3) توڑا فعل ہے

5) سوال : معنی کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟
جواب: معنی کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔
(1) فعلِ متعدی (2) فعلِ لازم (3) فعلِ ناقص

6) سوال : ذیل میں دیئے گئے افعال کو جوڑئے؟

جواب:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | گرنا | فعلِ متعدی | ( لکھنا ) |
| 2 | لکھنا | فعلِ لازم | ( گرنا ) |
| 3 | ہونا | فعلِ ناقص | ( ہونا ) |

## عملی کام

1) فعل کی تعریف کیجیے؟

جواب:----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

2) فاعل کی تعریف کیجیے؟

جواب:----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

3) مفعول کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے؟

جواب:----------------------------------------------------------------

4) ذیل میں دیئے گئے جملوں میں فعل، فاعل، مفعول کی نشاندہی کریں؟

جواب: 1۔ احمد کتاب لکھ رہا ہے۔

(1) ----فاعل (2) ---- مفعول (3) ----فعل ہے

2۔ زُبیر نے عابد کو مارا۔

(1) ----فاعل (2) ---- مفعول (3) ----فعل ہے

3۔ عابد گھر کو جا رہا ہے۔

(1) ----فاعل (2) ---- مفعول (3) ----فعل ہے

4۔ فاطمہ نعت لکھ رہی ہے۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

5۔ عمران نے ڈنڈا اُٹھایا۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

6۔ بکر نے کرتا پھاڑا۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

7۔ احمد نے ٹوپی پہنی۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

8۔ عابد نے دودھ گرایا۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

9۔ علی نے دُعا مانگی۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

10۔ عباس نے گھڑی خریدی۔

(1) ----- فاعل (2) ---- مفعول (3) ---- فعل ہے

5) معنی کے لحاظ سے فعل کے کتنے اقسام ہیں؟ یا فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

6) ذیل میں دیئے گئے افعال کو جوڑیئے؟

جواب:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | بیٹھنا | فعلِ متعدی | (  ) |
| 2 | ہونا | فعلِ لازم | (  ) |
| 3 | لکھنا | فعلِ ناقص | (  ) |

☆☆☆☆☆

حِصّہ ءنثر

# ورک بُک برائے سالِ اوّل – زبان برائے دُوّم

## 4۔ اللہ دے بندہ لے

رضیہ سجاد ظہیرؔ

### مصنف کا تعارف :

### سوالات و جوابات

1) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

**جواب:** رضیہ سجاد ظہیرؔ کی پیدائش اجمیر میں 15 فروری 1917ء کو ایک قدامت پرست سید گھرانے میں ہوئی۔

2) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کے والد نے ان کا کیا نام رکھا تھا؟

**جواب:** رضیہ سجاد ظہیرؔ کے والد نے ان کا نام رضیہ دلشاد رکھا تھا مگر سجاد ظہیر سے شادی کے بعد وہ رضیہ سجاد ظہیرؔ سے مشہور ہوئیں۔

3) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کی تعلیم کیسے ہوئی؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ کی تعلیم آغاز سے بی۔اے تک خانگی امیدوار کی حیثیت سے ہوئی۔

4) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ کی شخصیت کا جاندار پہلو کیا تھا؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ کی شخصیت کا جاندار پہلوان کی ہنسی تھی۔

5) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ کے خیالات کیسے تھے؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ ابتداء ہی سے کمیونسٹ خیالات رکھتی تھیں۔

6) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ ترقی پسند تحریک کی رہنما کب بنیں؟

جواب: جب رضیہ سجاد ظہیرؔ کی شادی سجاد ظہیر سے ہوئی تو وہ ترقی پسند تحریک کی رہنما بن گئیں۔

7) سوال : 1966ء میں رضیہ کو کونسا ایوارڈ ملا تھا؟

جواب: 1966ء میں رضیہ کو "نہرو ایوارڈ" ملا تھا۔

8) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ نے مضامین اور کہانیاں کب سے لکھنا شروع کیا؟

جواب: آٹھ سال کی عمر ہی سے رضیہ نے مضامین اور کہانیاں لکھنا شروع کیا تھا۔

9) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ نے خط و کتابت کا سلسلہ کس سے شروع کیا؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ نے اُردو کی مشہور ادیبہ صالحہ عابد حسین سے خط و کتابت کا سلسلہ شروع کیا۔

10) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ ادب میں کس حیثیت سے مشہور ہیں؟

جواب: ناول نگار ، افسانہ نگار ، بچوں کی ادبیہ اور ترجمہ نگار کی حیثیت سے اُردو ادب میں مشہور ہیں۔

11) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ بچوں کے لئے کونسی کتابیں لکھی ہیں؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ نے بچوں کے لئے "سلطان زین العابدین بڈشاہ" لکھی جو بہت دلچسپ اور سبق آموز ہے۔

12) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ کے افسانے اور ناول کیا ہیں؟

جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ کے افسانے "نیچ" "اللہ دے بندہ لے" اور زرد گلاب ہیں۔ "سرِ شام" "کانٹے" "اللہ میگھ دے" رضیہ سجاد ظہیر کے ناول ہیں۔

## مضمون : اللہ دے بندہ لے

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : جب فخرو سرسی سے سمبھل آیا تو کیا کیا؟

جواب: جب فخرو سرسی سے سمبھل آیا تو اس نے دھوتی کی جگہ تہمد باندھا کمری اُتار کے کُرتا پہنا۔

2) سوال : ترقی کے باوجود فخرو کیا خرید نہ سکا؟

جواب: فخرو کبھی جو تا یعنی بوٹ نہیں خرید سکا۔

3) سوال : نماز پڑھنے سے متعلق فخرو کی کیا ذہنیت تھی؟

جواب: فخرو نماز پڑھنے سے برابر انکار کرتا تھا۔

4) سوال : بیرسٹر ماموں کی شخصیت کیسی تھی؟

جواب: بیرسٹر ماموں کئی سال ولایت میں رہے تھے۔ سوٹ پہنتے تھے انگریزی فروٹ بولتے تھے۔ ان سب کے باوجود نماز پانچوں وقت کی پڑھتے تھے۔

5) سوال : مصنفہ کے نانا کس بات پر فخر کرتے تھے؟

جواب: ان کے کئی دوستوں کے لڑکے تو ولایت جاکر اپنا دین وایمان بھول گئے۔ مگر ان کا بیٹا اتنے دنوں ولایت رہنے کے بعد بھی پانچوں وقت کی نماز پڑھتا ہے۔

6) سوال : بیرسٹر ماموں کو فخرو سے کیوں محبت تھی؟

جواب: بیرسٹر ماموں کو اتنا زیادہ کام کرنے والا ایسا خیر خواہ نوکر نہیں مل سکتا تھا۔

7) سوال : ماموں رمضان کے دوران فخرو سے کیا کہتے ہیں؟

جواب: ماموں فخرو سے کہتے ہیں " ابے تیرے روزے رکھنے سے فائدہ ہی کیا ہے؟ بے کار فاقہ کر رہا ہے۔ بغیر نماز کے کہیں روزے ہوتے ہیں؟

8) سوال : ایک دن گھر میں کیا ہنگامہ مچا؟

جواب: ایک دن فخرو کے پاس ایک جوتا اور ایک دم عمدہ والا چماچم کرتا کہیں سے ملا گیا۔

9) سوال : فخرو رمضان میں کیا کرتا تھا؟

جواب: فخرو تیس روزے رکھتا تھا۔ رمضان بھر جو کچھ ہو سکتا خیرات کرتا مگر نماز کو نہ جاتا تھا۔

10) سوال : جوتا ملنے پر فخرو سے ماموں نے کیا کہا؟

جواب: ماموں نے فخرو سے کہا کہ تو مسجد جا کر شکرانہ ادا کرو۔

11) سوال : مسجد میں وعظ ختم ہوا تو فخرو کو کیا پتہ چلا؟

جواب: وعظ ختم ہو اور لوگ باہر نکلے اور فخرو کو ایک ہی لمحے بعد پتہ چلا کہ اس کا بوٹ جوتا غائب ہے۔

12) سوال : جوتا غائب ہونے پر ماموں نے کیا کہا؟

جواب: ماموں فخرو کو سمجھاتے ہوئے بولے چل جانے دے میں تجھے دوسرا دلا دوں گا سمجھ لے جس اللہ نے دیا تھا اُسی نے لے لیا۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

جب فخرو سرسی سے سنبھل آیا تو اس نے دھوتی کی جگہ تہمد باندھا۔ کمری اُتار کے کرتا پہنا۔ سنبھل سے مراد آباد پہنچا تو تہمد کی جگہ پاجامے نے اور کرتے کی قمیص نے لے لی۔ سرسی میں وہ الف کے نام لٹھا نہیں جانتا تھا۔ سنبھل میں ہمارے ماموں نے اس کو اُردو پڑھنا لکھنا سکھایا۔

1) سوال : فخرو کہاں سے کہاں کو آیا؟

جواب: فخرو سرسی سے سنبھل آیا۔

2) سوال : فخرو نے دھوتی کی جگہ کیا باندھا؟

جواب: فخرو نے دھوتی کی جگہ تہمد باندھا۔

3) سوال : سنبھل سے مراد آباد کون پہنچا؟

جواب: فخرو

4) **سوال :** فخرو کس میں وہ الف کے نام لٹھا نہیں جانتا تھا؟

**جواب :** سرسی میں وہ الف کے نام لٹھا نہیں جانتا تھا۔

5) **سوال :** کس نے اس کو اُردو پڑھنا لکھنا سیکھایا؟

**جواب :** بیرسٹر ماموں نے

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟ ( 1 )

1۔ اجمیر 2۔ آگرہ 3۔ دہلی

2) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کو ان کے والد نے کیا نام رکھا تھا؟ ( 3 )

1۔ رضیہ بانو 2۔ رضیہ کوثر 3۔ رضیہ دلشاد

3) **سوال :** رضیہ سجاد ظہیرؔ کی شخصیت کا جاندار پہلو کیا ہے؟ ( 2 )

1۔ ان کا رونا 2۔ ان کا ہنسنا 3۔ دونوں نہیں

4) **سوال :** فخرو کی ترقی کے باوجود اس میں کس کی کمی رہ گئی تھی؟ ( 1 )

1۔ بوٹ 2۔ قمیض 3۔ تہمد

5) **سوال :** فخرو رمضان میں کیا کرتا تھا؟ ( 2 )

1۔ نماز پڑھتا تھا 2۔ روزے رکھتا تھا 3۔ دونوں کرتا تھا

6) **سوال :** ایک دن گھر میں کیا ہنگامہ مچا؟ ( 3 )

1۔ ایک قمیض کہیں سے آگیا تھا 2۔ ایک چپل کہیں سے آگیا تھا 3۔ ایک جوتا کہیں سے آگیا تھا

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) **سوال :** 1966ء میں رضیہ سجاد ظہیرؔ کو۔۔۔۔۔۔ایوارڈ ملا۔

**صحیح جواب :** نہرو

2) سوال : ۔۔۔۔۔کی عمر میں رضیہ نے مضامین اور کہانیاں لکھنا شروع کی ؟
صحیح جواب: آٹھ نو سال

3) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ ابتداء ہی سے۔۔۔۔خیالات رکھتی تھیں ؟
صحیح جواب: کمیونسٹ

4) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ نے اُردو کی مشہور ادبیہ۔۔۔۔سے خط وکتابت کا سلسلہ شروع کیا؟
صحیح جواب: صالحہ عابد حسین

5) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ کی تعلیم کا آغاز۔۔۔۔کی حیثیت سے ہوا؟
صحیح جواب: خانگی امیدوار

6) سوال : بیرسٹر ماموں کئی سال۔۔۔۔۔۔میں رہے۔
صحیح جواب: ولایت

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔

1) سوال : رضیہ ترقی پسند تحریک کی رہنما کب بنیں؟
جواب: جب رضیہ کی شادی سجاد ظہیر سے ہوئی تب رضیہ ترقی پسند تحریک کی رہنما بنیں۔

2) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ اُردو ادب میں کس حیثیت سے مشہور ہیں؟
جواب: رضیہ سجاد ظہیرؔ ناول نگار ، افسانہ نگار ، ادبیہ اور ترجمہ نگار کی حیثیت سے مشہور ہیں۔

3) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ نے بچوں کے لئے کونسی کتاب لکھی؟
جواب: " سلطان زین العابدین بڈشاہ"

4) سوال : رضیہ سجاد ظہیرؔ کے افسانے اور ناول کے نام بتایئے؟
جواب: افسانے" نیچ " " اللہ دے بندہ لے " اور زرد گلاب ہیں۔ " سرِ شام " " کانٹے " " اللہ میگھ دے " رضیہ سجاد ظہیرؔ کے ناول ہیں۔

5) سوال : مسجد میں وعظ ختم ہوا تو فخرو کو کیا پتہ چلا؟

جواب: اس کا جوتا غائب ہے۔

6) سوال : جوتا غائب ہونے پر ماموں نے فخرو سے کیا کہا؟

جواب: چل جانے دے میں دوسرا دلا دوں گا سمجھ لے جس اللہ نے دیا تھا اسی نے لے لیا۔

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

بیرسٹر ماموں کئی سال ولایت میں رہے تھے۔ سوٹ پہنتے تھے۔ انگریزی فرُوٹ بولتے تھے، مگر نماز پانچوں وقت کی پڑھتے تھے۔ جب وہ نماز کے لئے با آواز بلند اذان دیتے تو باقی گھر والوں کی سٹی گُم ہو جاتی ہر شخص ان کی گرج دار آواز کے رعب میں آکر فوراً نماز پر کھڑا ہو جاتا۔

1) سوال : بیرسٹر ماموں کہاں رہے تھے؟

جواب:------------------------------------------------------------

2) سوال : وہ کیا پہنتے تھے؟

جواب:------------------------------------------------------------

3) سوال : انگریزی کیسے بولتے تھے؟

جواب:------------------------------------------------------------

4) سوال : ان کی اذان سُن کر باقی گھر والوں کا کیا حال ہوتا تھا؟

جواب:------------------------------------------------------------

5) سوال : ان کی گرج دار آواز کے رعب میں ہر شخص کیا کرتا تھا؟

جواب:------------------------------------------------------------


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

## 2۔ متن کے حوالے سے عبارت کی تشریح کیجئے۔

1) " لیکن اس کی ترقی کے باوجود اس کی شخصیت میں ایک کمی رہ گئی کہ وہ بوٹ جوتا نہیں خرید سکا "۔

تشریح ______________________________

2) " بیرسٹر ماموں کئی سال ولایت میں رہے تھے، سوٹ پہنتے تھے "۔

تشریح ______________________________

3) " مغرب کی نماز کے لئے ماموں مسجد جانے لگے تو فخرو سے بھی کہتے " ابے چل مسجد "۔

تشریح ______________________________

4) " اجی واہ بہت خوب کہو ہو اللہ کا کرنا تھا، اجی وہ تو دیوے ہے اُسے لے کے کیا کرنا ہے "۔

تشریح ______________________________

---------------------------------------------

---------------------------------------------

## 3۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : فخرو کہاں سے آیا اور کیا پہنتا تھا؟

جواب: ---------------------------------------------

2) سوال : بیرسٹر ماموں اذان دیتے تو کیا ہوتا تھا؟

جواب: ---------------------------------------------

3) سوال : جوتا غائب ہونے پر ماموں نے فخرو سے کیا کہا؟

جواب: ---------------------------------------------

4) سوال : فخرو کا جوتا گُم ہو جانے پر بیرسٹر ماموں نے کیا کہا؟

جواب: ---------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : افسانہ " اللہ دے بندہ لے "کا خلاصہ لکھئے؟

جواب :---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

2) رضیہ سجاد ظہیر کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھئے۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

## 5۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) رضیہ سجاد ظہیرؔ----------شہر میں پیدا ہوئیں۔

2) فخرو کو--------------نے اُردو پڑھنا لکھنا سکھایا۔

3) فخرو کے جوتے-------میں چوری ہو گئے۔

☆☆☆☆☆

قواعد

# ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 6۔ ترجمہ نگاری

## ترجمہ نگاری کا تعارف

ترجمہ نگاری قوموں کی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ ترجمہ کی مدد سے ایک زبان اور ایک تہذیب کا دوسری زبانوں اور تہذیبوں سے تعارف ہوتا ہے۔ عالمی سطح پر انسانی ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے۔ ترجمہ نگاری ایک فن ہے۔ دنیا اب گلوبل ولیج بن گئی ہے۔ ترجمہ کی مدد سے دنیا میں وقوع پذیر کسی بھی واقعہ کی اطلاع ہمیں فوری مل جاتی ہے۔

### ترجمہ نگاری کی تعریف :

کسی ایک زبان میں بیان کردہ خیالات یا معلومات کو دوسری زبان میں اس طرح منتقل کرنا کہ ایک زبان کی بات دوسری زبان میں مکمل اور واضح طور پر منتقل ہو جائے۔ اسے ترجمہ نگاری کہتے ہیں۔ ترجمہ دو زبانوں کے درمیان ہوتا ہے جس زبان سے ترجمہ کیا جارہا ہے اسے وسیلے کی زبان یا SourceLanguage

کہتے ہیں۔ اور جس زبان میں کیا جارہا ہے اسے حدف کی زبان یا Target Language کہتے ہیں۔ ترجمہ کیلئے جو عبارت سامنے ہوتی ہے اسے متن یا Text کہتے ہیں۔

## ترجمہ کی اہمیت :

ترجمہ نگاری قوموں کی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ ترجمہ کی مدد سے ایک زبان اور ایک تہذیب کا دوسری زبانوں اور تہذیبوں سے تعارف ہوتا ہے۔ عالمی سطح پر انسانی ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے۔ ترجمہ کی مدد سے دنیا میں وقوع پذیر کسی بھی واقعہ کی اطلاع ہمیں فوری مل جاتی ہے۔

## ترجمہ کے اقسام

ترجمے کی دو قسمیں ہیں۔

(1) لفظی ترجمہ (2) آزاد ترجمہ

لفظی ترجمے میں صرف لفظ سے لفظ کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔ تاہم جب ہم عبارت کا ترجمہ کرتے ہیں اس میں کئی عوامل شامل رہتے ہیں اور ایک زبان کی تہذیب اور اس کے محاوروں کے نظام کے ساتھ مکمل خیال کی ترسیل لازمی ہوتی ہے جو آزاد ترجمے میں عمل میں آتی ہے۔

## انگریزی الفاظ کا اُردو میں ترجمہ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Moon | چاند | 13 | Poetess | شاعرہ | 25 | Old | پُرانہ |
| 2 | Poet | شاعر | 14 | Literature | ادب | 26 | Author | مصنف |
| 3 | Dog | کتّا | 15 | Life | زندگی | 27 | Rope | رسّی |
| 4 | Small | چھوٹا | 16 | Wife | بیوی | 28 | Tomorrow | کل |
| 5 | Hope | امید | 17 | Face | چہرہ | 29 | Emperor | بادشاہ |
| 6 | Field | کھیت | 18 | Window | کھڑکی | 30 | Host | میزبان |
| 7 | Character | کردار | 19 | Paper | کاغذ | 31 | Person | شخص |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریف آدمی | Gentleman | 32 | فطرت | Nature | 20 | خدا | God | 8 |
| رحم دلی | Kindness | 33 | تلاش | Search | 21 | مالدار | Rich man | 9 |
| بدقسمتی | Misfortune | 34 | احمق | Fool | 22 | قابو | Control | 10 |
| پوری زندگی | Whole Life | 35 | پریشانی | Trouble | 23 | وعدہ | Promise | 11 |
| - | - | - | شرمندگی | Ashamed | 24 | منصف | Judge | 12 |

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : خیالات کے اظہار کا بنیادی ذریعہ کیا ہے؟

جواب: زبان خیالات کے اظہار کا بنیادی ذریعہ ہے۔

2) سوال : ترجمہ نگاری کیا ہے؟

جواب: ترجمہ نگاری ایک " فن " ہے۔

3) سوال : ترجمہ نگاری کے ذریعہ ہمیں کیا ملتا ہے؟

جواب: دنیا بھر میں پل پل ہو رہی تبدیلیوں کا علم ہمیں ترجمہ نگاری کی مدد سے ملتا ہے۔

4) سوال : ترجمہ نگاری کی تعریف کیا ہے؟

جواب: کسی ایک زبان میں بیان کردہ خیالات یا معلومات کو دوسری زبان میں اس طرح منتقل کرنا کہ ایک زبان کی بات دوسری زبان میں مکمل اور واضع طور پر منتقل ہو جائے اسے " ترجمہ نگاری " کہتے ہیں۔

5) سوال : وسیلے کی زبان Source Language کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جس زبان سے ترجمہ کیا جا رہا ہے اسے وسیلے کی زبان کہتے ہیں۔

6) سوال : حدف کی زبان کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جس زبان میں ترجمہ کیا جارہا ہے اسے حدف کی زبان کہتے ہیں۔

7) سوال : ترجمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: ترجمہ کی دو قسمیں ہیں۔ (1) لفظی ترجمہ (2) آزاد ترجمہ۔

8) سوال : لفظی ترجمہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں صرف لفظ سے لفظ کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔

9) سوال : آزاد ترجمہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جب ہم کسی عبارت کا ترجمہ کرتے ہیں اس میں کئی عوامل شامل رہتے ہیں اور ایک زبان کی تہذیب اور اس کی محاوروں کے نظام کے ساتھ مکمل خیال کی ترسیل لازمی ہوتی ہے جو آزاد ترجمے میں عمل میں آتی ہے۔ اسی کو آزاد ترجمہ کہتے ہیں۔

## عملی مشق:

### 1۔ ذیل کے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) سوال : ترجمہ نگاری کیا ہے؟

جواب: ترجمہ نگاری ایک فن ہے۔

2) سوال : ترجمہ نگاری سے ہمیں کیا ملتا ہے؟

جواب: دنیا بھر میں پل پل ہو رہی تبدیلیوں کا علم ہمیں ترجمہ نگاری کی مدد سے ملتا ہے۔

3) سوال : ترجمہ نگاری کی تعریف کیا ہے؟

جواب: ایک زبان میں بیان کردہ خیالات یا معلومات کو دوسری زبان میں اس طرح منتقل کرنا کہ ایک زبان کی بات دوسری زبان میں مکمل اور واضح طور پر منتقل کرنا " ترجمہ نگاری " کہلاتا ہے۔

4) سوال : لفظی ترجمہ کیا ہے؟

**جواب:** جس میں صرف لفظ سے لفظ کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔

5) **سوال :** آزاد ترجمہ کی تعریف کیجئے؟

**جواب:** جب ہم کسی عبارت کا ترجمہ کرتے ہیں اس میں کئی عوامل شامل رہتے ہیں اور ایک زبان کی تہذیب اور اس کی محاوروں کے نظام کے ساتھ مکمل خیال کی ترسیل لازمی ہوتی ہے جو آزاد ترجمے میں عمل میں آتی ہے۔ اسی کو " آزاد ترجمہ " کہتے ہیں۔

6) **سوال :** انگریزی الفاظ کا اُردو میں ترجمہ کیجئے؟

**جواب:**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Old | پُرانہ | 5 | Wife | بیوی | 9 | Host | میزبانی |
| 2 | God | خدا | 6 | Life | زندگی | 10 | Fool | احمق |
| 3 | Dog | کتّا | 7 | Hope | امید | 11 | Rope | رسّی |
| 4 | Face | چہرہ | 8 | Small | چھوٹا | 12 | Moon | چاند |

## عملی کام

1) ذیل میں دیئے گئے انگریزی الفاظ کا اُردو میں ترجمہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Moon | (          ) |
| 2 | Small | (          ) |
| 3 | Field | (          ) |
| 4 | Paper | (          ) |
| 5 | Face | (          ) |

| | | |
|---|---|---|
| 6 | Rope | (          ) |
| 7 | Poet | (          ) |
| 8 | Host | (          ) |
| 9 | Control | (          ) |
| 10 | Search | (          ) |

☆☆☆☆☆

حِصّہ ءنثر

# ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

## 5۔ ذرا مسکرائیے

یوسف ناظم

### مصنف کا تعارف :

### سوالات و جوابات

1) سوال : یوسف ناظم کا پورا نام کیا ہے؟

جواب: ان کا پورا نام سید محمد یوسف ہے۔

2) سوال : یوسف ناظم کس حیثیت سے مشہور ہیں؟

جواب: اُردو طنز و مزاح کے ادیب کی حیثیت سے مشہور ہیں۔

3) سوال : یوسف ناظم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مراٹھواڑہ کے شہر جالنہ میں 18 نومبر 1918ء کو پیدا ہوئے۔

4) سوال : یوسف ناظم نے ادبی زندگی کا آغاز کب سے کیا؟

جواب: یوسف ناظم نے ادبی زندگی کا آغاز اسکول کے زمانے میں شاعری سے کیا۔

5) سوال : یوسف ناظم کس سال شاعری سے نثر کی طرف متوجہ ہوئے؟

جواب: یوسف ناظم 1944ء میں نثر لکھنے کی جانب متوجہ ہوئے۔

6) سوال : 1960ء میں یوسف ناظم کا تقرر کس حیثیت سے ہوا؟

جواب: 1960ء میں اسٹنٹ لیبر کمشنر ممبئی کی حیثیت سے یوسف ناظم کا تقرر رہوا۔

7) سوال : یوسف ناظم ملازمت سے کب سبکدوش ہوئے؟

جواب: 1976ء میں وظیفہ حسنِ خدمت پر سبکدوش ہوئے۔

8) سوال : یوسف ناظم کے مضامین کے مجموعے کے نام کیا لکھیئے۔

جواب: یوسف ناظم کے مجموعے "کیف وکم" "فٹ نوٹ" "دیوار سے" "زیرِ غور" ہیں۔

9) سوال : کن ریاستوں نے یوسف ناظم کو ااعزازات سے نوازا؟

جواب: ہریانہ اور مدھیہ پردیش اُردو اکیڈمیوں نے یوسف ناظم کو اعزازات سے نوازا۔

10) سوال : یوسف ناظم کے کالم اور مضامین کہاں شائع ہوئے تھے؟

جواب: یوسف ناظم کے کالم اور مضامین ملک کے ہمہ گیر اخبارات میں شائع ہوئے تھے۔

11) سوال : یوسف ناظم کس قسم کے مضامین لکھتے تھے؟

جواب: یوسف ناظم مزاحیہ مضامین لکھتے تھے۔

12) سوال : یوسف ناظم کا انتقال کب ہوا؟

جواب: یوسف ناظم، کا انتقال 23 جولائی 2009ء کو ہوا۔

## مضمون : ذرا مسکرائیے

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : تمام جگہوں پر بغیر دعوت اور ٹکٹ کے داخل ہونے کی آسان ترکیب یوسف ناظم نے کیا بتائی؟

جواب: آسان ترکیب یہ ہے کہ گلے میں ایک ناکارہ کیمرہ لٹکالیا جائے۔

2) سوال : فوٹو گرافر کی خصوصیت کیا ہے؟

جواب: فوٹو گرافر وہ واحد شخص ہے جو پولیس کی نظروں کے عین سامنے جلسہ گاہ میں نقب لگاتا ہے اور پولیس عقب میں چُپ چاپ کھڑی رہتی ہے۔

3) سوال : کون سب کو مسکرانے پر مجبور کر سکتا ہے؟

جواب: فوٹو گرافر نہ صرف مزاح گو ہوتا ہے نہ طنز نگار لیکن اس کے باوجود وہ سب کو مسکرانے پر مجبور کر سکتا ہے۔

4) سوال : فوٹو گرافر کے کس لفظ میں عجیب و غریب تاثیر ہے؟

جواب: " مُسکرائیے "

5) سوال : فوٹو گرافر اپنے سامعین کو کس طرح ترتیب دیتے ہیں؟

جواب: فوٹو گرافر اپنے سامعین کو اس طرح ترتیب دیتے ہیں جیسے اکاپانا سسٹم کے مطابق گُل دان میں پھول سجائے جاتے ہیں۔

6) سوال : شاعر اور فوٹو گرافر میں کیا فرق ہوتا ہے؟

جواب: مصنف کے مطابق فرق تو یہ کہ فوٹو گرافر کو اپنے متعلق کوئی غلط فہمی نہیں ہوتی اور دوسرے یہ کہ فوٹو گرافر پر ہوٹنگ کا رواج نہیں۔

7) سوال : کب سے تصویروں کی اہمیت بڑھ گئی؟

جواب: جب سے اعمال و افعال کی نوعیت بدل گئی تصویروں کی اہمیت بڑھ گئی۔

8) سوال : سمجھ دار لوگ اپنا فوٹو گرافر ہمیشہ اپنے ساتھ کیوں رکھتے ہیں؟

جواب: تصویروں کی سماجی اہمیت کی وجہ سے اب سمجھ دار لوگ اپنا فوٹو گرافر ہمیشہ ساتھ رکھتے ہیں۔

9) سوال : مصنف کے مطابق تصاویر کے کتنے اقسام ہیں؟

جواب: مصنف کے مطابق تصاویر کی دو قسم ہیں ایک جبریہ تصاویر دوسری شوقیہ تصاویر۔

10) سوال : مصنف کے مطابق اشتہار پر کس کی تصویریں ہوتی ہیں؟

جواب: ضرورت کی کوئی چیز خریدئے اس کی بوتل یا ڈبّے پر یا تو موجد کی تصویر موجود ہوگی۔ یا پھر کوئی ماڈل کی۔

11) سوال : اپنی تصویر کی وجہ سے کون الیکشن جیت گیا؟

جواب: مصنف کہتے ہیں کہ امریکہ میں جمی کارٹر صرف اپنی تصویر کی وجہ سے الیکشن جیت گیا۔

12) سوال : مصنف کے مطابق بعض تصویریں کیسی ہوتی ہیں؟

جواب: بعض تصویریں البتہ ہوتی ہی نمائش کے لئے ہیں۔

13) سوال : فوٹر گرافر کہاں نہیں جاسکتا؟

جواب: فوٹو گرافر وہاں نہیں جاسکتا جہاں مکانوں کو ڈھانے کے لئے بلڈوزر گشت کر رہا ہو یا کسی مجسٹریٹ کے حکم پر عوام پر گولی چلائی جارہی ہو۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

فوٹو گرافر ہمیشہ ایک فوٹو دو مرتبہ کھینچا کرتے ہیں بعض یہ سمجھتے ہیں کہ فوٹو گرافر ایک ہی تصویر دو قسطوں میں مکمل کرتے ہیں لیکن یہ غلط ہے پہلی تصویر صرف مسودہ ہوتی ہے۔ فوٹو گرافروں نے اصل میں دہرانے کا یہ طریقہ شاعروں سے سیکھا ہے۔ شاعر اپنے ہر شعر کا پہلا مصرعہ دو مرتبہ پڑھا کرتے ہیں۔

1) سوال : فوٹو گرافر ہمیشہ ایک فوٹو کتنی مرتبہ کھینچا کرتے ہیں؟

جواب: دو مرتبہ

2) سوال : بعض لوگ کیا سمجھتے ہیں؟

جواب: بعض یہ سمجھتے ہیں کہ فوٹو گرافر ایک ہی تصویر دو قسطوں میں مکمل کرتے ہیں۔

3) سوال : پہلی تصویر کیا ہوتی ہے؟

جواب: پہلی تصویر مسودہ ہوتی ہے۔

4) سوال : فوٹو گرافر نے یہ طریقہ کس سے سیکھا ہے؟

جواب: شاعروں سے سیکھا ہے۔

5) سوال : کون اپنے ہر شعر کا پہلا مصرعہ دو مرتبہ پڑھا کرتے ہیں؟

جواب: شاعر

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال: یوسف ناظم کا پورا نام کیا ہے؟ ( 3 )

1۔ سید یوسف 2۔ محمد یوسف 3۔ سید محمد یوسف

2) سوال: یوسف ناظم کس حیثیت سے مشہور ہیں؟ ( 1 )

1۔ طنز و مزاح نگار 2۔ ناول نگار 3۔ افسانہ نگار

3) سوال: یوسف ناظم کس شہر میں پیدا ہوئے؟ ( 2 )

1۔ آگرہ 2۔ جالنہ 3۔ لکھنؤ

4) سوال: تمام جگہوں پر بغیر ٹکٹ اور دعوت کے جانے کا آسان ترکیب کیا ہے؟ ( 1 )

1۔ گلے میں کیمرہ لٹکانا 2۔ گلے میں ہار لٹکانا 3۔ سر پہ عمامہ باندھنا

5) سوال: مصنف کے مطابق وہ واحد شخص کون ہے جو کسی بھی جلسہ میں چلا جاتا ہے؟ ( 2 )

1۔ شاعر 2۔ فوٹو گرافر 3۔ مصنف

6) سوال: کون سب کو مسکرانے پر مجبور کر سکتا ہے؟ ( 3 )

1۔ مصنف 2۔ شاعر 3۔ فوٹو گرافر

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال: یوسف ناظم نے ادبی زندگی کا آغاز۔۔۔۔۔۔زمانے سے کیا؟

صحیح جواب: اسکول کے

2) سوال: یوسف ناظم 1944ء سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لکھنے کی جانب متوجہ ہوئے۔

صحیح جواب: " نثر "

3) سوال : یوسف ناظم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے عہدہ پر فائض ہوئے۔

صحیح جواب: اسٹینٹ لیبر کمشنر

4) سوال : فوٹو گرافر کے ایک لفظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں عجیب وغریب تاثیر ہے۔

صحیح جواب: مسکرائیے

5) سوال : فوٹو گرافر کو اپنے متعلق کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں ہوتی۔

صحیح جواب: غلط فہمی

6) سوال : فوٹو گرافر اپنے تمام۔۔۔۔۔۔۔۔کو اس طرح ترتیب دیتے ہیں۔

صحیح جواب: سامعین

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : یوسف ناظم کب سبکدوش ہوئے ؟

جواب: 1976ء میں

2) سوال : یوسف ناظم کے مضامین کے مجموعے کیا ہیں؟

جواب: " کیف و کم " " فٹ نوٹ " " دیوار سے " وغیرہ ہیں۔

3) سوال : کن ریاستوں نے یوسف ناظم کو اعزازات سے نوازے؟

جواب: ہریانہ اور مدھیہ پردیش اُردو اکیڈمیوں نے اعزازات سے نوازے۔

4) سوال : کب سے تصویروں کی اہمیت بڑھ گئی؟

جواب: جب سے اعمال وافعال کی نوعیت بدل گئی۔

5) سوال : سمجھ دار لوگ ہمیشہ اپنا فوٹو گرافر ساتھ کیوں رکھتے تھے؟

جواب: تصویروں کی سماجی اہمیت کی وجہ سے

6) سوال : مصنف کے مطابق تصویریں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟

جواب: دو قسم کی ایک جبریہ تصویریں دوسرے شوقیہ تصویریں۔

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

یوں بھی جب سے اعمال وافعال کی نوعیت بدل گئی ہے تصویروں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ اب ہر قدم پر آدمی کو اپنی تصویر پیش کرنی پڑتی ہے۔ خواہ اس کا چہرہ تصویر کے لائق ہو یا نہ ہو۔ وہ تصویر کے بغیر زندگی کے کسی بھی شعبے میں دخل نہیں دے سکتا۔ امتحان دینا ہو تو ہال ٹکٹ پر تصویر لگانی ہی پڑتی ہے۔

1) سوال : تصویروں کی اہمیت کب سے بڑھ گئی؟

جواب:-----------------------------------------------------------

2) سوال : ہر قدم پر آدمی کو کیا پیش کرنی پڑتی ہے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

3) سوال : کس کے بغیر زندگی مشکل ہے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

4) سوال : کس کے بغیر زندگی کے کسی بھی شعبے میں دخل نہیں دیا جاسکتا؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

5) سوال : امتحان دینا ہو تو کہاں پر اپنی تصویر لگانی پڑتی ہے؟

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

## 2۔ متن کے حوالے سے جملہ کی تشریح کیجئے۔

1) " فوٹو گرافر نہ تو مزاح گو ہوتا ہے نہ طنز نگار لیکن اس کے باوجود وہ سب کو مسکرانے پر مجبور کر سکتا ہے؟ "۔

تشریح ---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

2) " اب ہر قدم پر آدمی کو اپنی تصویر پیش کرنی پڑتی ہے۔ خواہ اس کا چہرہ تصویر کے لائق ہو یا نہ ہو "۔

تشریح ---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

## 3۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : یوسف ناظم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : ---------------------------------------------

---------------------------------------------

2) سوال : یوسف ناظم کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : ------------------------------------------------------------

3) سوال : یوسف ناظم کا انتقال کب ہوا؟

جواب : ------------------------------------------------------------

4) سوال : یوسف ناظم کے خاکوں کا مجموعہ کیا ہے؟

جواب : ------------------------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے

3) سوال : یوسف ناظم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے؟

جواب : ------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------

4) " ذرا مسکرائیے " مضمون کا خلاصہ لکھئے؟

جواب------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

## 5۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) ذرا مسکرائیے مزاحیہ مضمون۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے لکھا ہے۔
2) یوسف ناظم کے مضامین کے ایک مجموعہ کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔
3) امریکہ میری عینک سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا سفر نامہ ہے۔
4) کشور ہند سنگھ بیدی ایوارڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو ملا۔

☆☆☆☆☆

حِصّہ ءِ نثر

# ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

## 6۔ چھوٹی آپا

سلیمان اطہر جاوید

مصنف کا تعارف :

## سوالات و جوابات

1) سوال : سلیمان اطہر جاوید کا پورا نام کیا ہے؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید کا پورا نام محمد سلیمان خان ہے۔

2) سوال : سلیمان اطہر جاوید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید 9 / اپریل 1936ء کو حیدر آباد میں پیدا ہوئے۔

3) سوال : سلیمان اطہر جاوید نے بی۔اے ۔، ایم۔اے ۔، پی۔ایچ ۔ڈی۔کی ڈگریاں کہاں سے حاصل کیں؟

جواب: آرٹس کالج عثمانیہ یونیورسٹی حیدر آباد سے حاصل کیں۔

4) سوال : سلیمان اطہر جاوید نے عارضی طور پر اُردو لکچرر کی حیثیت سے کہاں خدمات انجام دیا تھا؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید نے نظام کالج حیدر آباد میں عارضی طور پر اُردو لکچرر کی حیثیت سے خدمات انجام


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

دیا تھا۔

5) سوال : سلیمان اطہر جاوید کا بحیثیت مستقل اُردو لکچرر کہاں تقرر ہوا؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید کا بحیثیت مستقل اُردو لکچرر شعبۂ اُردو سری وینکٹیشورا یونیورسٹی تروپتی میں تقرر ہوا۔

6) سوال : سلیمان اطہر جاوید وظیفے پر کب سبکدوش ہوئے؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید اپریل 1996ء میں وظیفے پر سبکدوش ہوئے۔

7) سوال : سلیمان اطہر جاوید اُردو ادب میں کس حیثیت سے جانے جاتے ہیں؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید اُردو کے ایک بہترین استاد، نقاد، محقق، شاعر اور کالم نگار ہیں۔

8) سوال : سلیمان اطہر جاوید نے ساری زندگی کس کی خدمت میں گزار دی؟

جواب: سلیمان اطہر نے ساری زندگی اُردو شعر و ادب کی خدمت میں گزار دی۔

9) سوال : سلیمان اطہر جاوید کی شخصیت کے نمایاں پہلو کیا ہیں؟

جواب: جاوید صاحب میں سادگی، لگن، یقین، محنت، ایمانداری اور نصرت جیسی صفات پائی جاتی ہیں۔

10) سوال : سلیمان اطہر جاوید کی مشہور کتابوں کے نام لکھیے؟

جواب: " رشید احمد صدیقی : شخصیت اور فن " " تنقید شعر " " تنقیدی افکار " " چہرہ چہرہ داستان " وغیرہ ہیں۔

11) سوال : سلیمان اطہر جاوید اپنے چھوٹے بیٹے محمد لبیب ذیشان کے ساتھ کہاں قیام پذیر تھے؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید اپنے چھوٹے بیٹے محمد لبیب ذیشان کے ساتھ مسکٹ (رومن) میں قیام پذیر تھے۔

## مضمون : چھوٹی آپا

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : کون کہتے ہیں کہ جب بہن مرتی ہے تو بہن ہی نہیں مرتی۔ ماں بھی مر جاتی ہے؟

جواب: مصنف سلیمان اطہر جاوید کہتے ہیں کہ جب بہن مر جاتی ہے تو بہن ہی نہیں مرتی، ماں بھی مر جاتی ہے۔

2) سوال : چھوٹی آپا اپنے خد و خال اور ناک نقشے میں کس کے مشابہ تھیں؟

جواب: چھوٹی آپا اپنے والد کے مشابہ تھیں۔

3) سوال : کس کی شادی کے بعد مصنف کا چھوٹا بھائی مقبول اور چھوٹی بہن ساتھ رہے ؟

جواب: مصنف کے بڑی بہن کی شادی کے بعد ان کا چھوٹا بھائی اور چھوٹی آپا ساتھ رہے۔

4) سوال : کون ایک دوسرے کو Share کرتے، لڑائی جھگڑا اور چھیناّ چُھپانا کرتے تھے ؟

جواب: مصنف سلیمان اطہر جاوید اور ان کی چھوٹی آپا۔

5) سوال : چھوٹی آپا نے کہاں تک تعلیم حاصل کی ؟

جواب: چھوٹی آپا نے میٹرک تک تعلیم حاصل کی۔

6) سوال : مصنف کی کالج کی فیس کیلئے چھوٹی آپا نے خوشی سے کیا دے دیا؟

جواب: مصنف کی کالج کی فیس کیلئے چھوٹی آپا نے اپنا سونے کا لاکٹ دے دیا۔

7) سوال : مصنف کے مطابق کس کی دُعائیں تھیں کہ چھوٹی آپا نے خوش حال زندگی گزاری ؟

جواب: مصنف کہتے ہیں کہ والدہ چھوٹی آپا کو دنیا بھر کی دُعائیں دیتیں " والدہ ہی کی دُعائیں تھیں کہ چھوٹی آپا نے خاصی آسودہ کامیاب اور خوش حال زندگی گزار دی۔

8) سوال : مصنف اور ان کی چھوٹی آپا کو والدین سے کبھی ایک بار جو پیسے ملتے انہیں کیا کرتے تھے ؟

جواب: وہ انہیں جوڑ کر کچھ روپئے بنالیتے اور روز نئے نئے منصوبے بناتے یہ خریدیں گے وہ خریدیں گے۔

9) سوال : مصنف کو ان کی بیماری میں کون ان کا خیال کرتا تھا؟

جواب: مصنف کہتے ہیں کہ ان کی بیماری میں کھانا کھلانے دواؤں غذا اور پرہیز کے بارے میں ان کی چھوٹی آپا ان کا بہت خیال کرتی تھیں۔

10) سوال : کون کہتے ہیں کہ تمہاری بہن کو تم سے جو محبت ہے بہت کم بہنوں کو اپنے بھائیوں سے ایسی محبت ہوتی ہے ؟

جواب: مشہور افسانہ نگار عاشق شاہ نے مصنف سے ایک مرتبہ کہا کہ تمہاری بہن کو تم سے جو محبت ہے بہت کم بہنوں کو اپنے بھائیوں سے ایسی محبت ہوتی ہے۔

11) سوال : مصنف کبھی کبھی اپنی چھوٹی آپا کو ستاتے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتے تو چھوٹی آپا کیا کہتی ہیں ؟

جواب: چھوٹی آپا کہتی ہیں کہ اپنی رفتار سیاست ختم کرو، بس بہت ہوگئی رفتار سیاست وغیرہ۔

12) سوال : چھوٹی آپا کی صحت ہمیشہ کیسے رہتی تھی ؟

جواب: چھوٹی آپا کی صحت ہمیشہ اچھی رہتی تھی وہ گھر کے کام کاج بھی کرتیں اور اپنے آپ کو چاق و چوبند بھی رکھتی تھیں۔

13) سوال: چھوٹی آپا کے انتقال پر مصنف نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: چھوٹی آپا کا انتقال ہو گیا وہ چلی گئیں لیکن چلی کہاں گئیں وہ تو ہمارے آس پاس ہے۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

میری سب سے بڑی بہن حیات ہیں 1 خدا انہیں میری زندگی کی آخری سانس تک آباد و سلامت اور سرسبز و شاداب رکھے۔ لیکن ان سے چھوٹی اور مجھ سے بڑی بہن کی بات کچھ اور تھی۔ وہ اپنے خدوخال اور ناک نقشے میں تھیں تو ہمارے والد سے مشابہ لیکن سیرت و کردار میں ہماری ماں کی جھلک ان میں کچھ زیادہ ملتی تھی۔

1) سوال: کس کی بڑی بہن باحیات ہیں؟

جواب: مصنف کی بڑی بہن باحیات ہیں۔

2) سوال: مصنف کس کی آخری سانس تک آباد رہنے کی دُعا دیتے ہیں؟

جواب: مصنف اپنی بڑی بہن کو سرسبز و شاداب رہنے کی دُعا دیتے ہیں۔

3) سوال: کس سے چھوٹی اور کس سے بڑی بہن کی بات ہی کچھ اور تھی؟

جواب: بڑی بہن سے چھوٹی اور مصنف سے بڑی بہن کی بات ہی کچھ اور تھی۔

4) سوال: چھوٹی بہن کس کے مشابہ تھی؟

جواب: والد کے! خدوخال میں والد کے مشابہ تھی۔

5) سوال: سیرت و کردار میں چھوٹی آپا میں کس کی جھلک تھی؟

جواب: مصنف کے ماں کی جھلک زیادہ تھی

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال : سلیمان اطہر کا پورا نام کیا ہے؟ ( 2 )

1۔ سلیمان اطہر　　2۔ محمد سلیمان خان　　3۔ جاوید

2) سوال : سلیمان اطہر جاوید کہاں پیدا ہوئے؟ ( 1 )

1۔ حیدر آباد　　2۔ دہلی　　3۔ اورنگ آباد

3) سوال : سلیمان اطہر جاوید اعلیٰ تعلیم کی نے ڈگریاں کہاں حاصل کی؟ ( 3 )

1۔ علی گڑھ یونیورسٹی　　2۔ حیدرآباد یونیورسٹی　　3۔ عثمانیہ یونیورسٹی

4) سوال : کون کہتا ہے کہ جب بہن مرتی ہے تو بہن ہی نہیں ماں بھی مرجاتی ہے؟ ( 1 )

1۔ سلیمان اطہر جاوید　　2۔ شاعر　　3۔ بڑی بہن

5) سوال : چھوٹی آپا کس کی مشابہ تھیں؟ ( 3 )

1۔ مصنف کے　　2۔ بڑی بہن کے　　3۔ والد کے

6) سوال : کس کی شادی کے بعد سلیمان اطہر جاوید کے بھائی اور بہن ساتھ ساتھ تھے؟ ( 2 )

1۔ سلیمان اطہر جاوید　　2۔ بڑی بہن　　3۔ چھوٹی آپا

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : سلیمان اطہر نے۔۔۔۔میں عارضی طور پر اُردو لکچرر کی حیثیت سے کام کیا؟

صحیح جواب: نظام کالج حیدر آباد میں

2) سوال : ۔۔۔۔۔۔۔کی حیثیت سے شعبۂ اُردو سری وینکٹیشورا یونیورسٹی میں کام کیا۔

صحیح جواب: مستقل اُردو لکچرر

3) سوال : سلیمان اطہر۔۔۔۔میں وظیفے پر سبکدوش ہوئے۔

صحیح جواب: 1996ء

4) سوال : سلیمان اطہر اور ان کی چھوٹی آپا ایک دوسرے سے۔۔۔۔۔ کرتے تھے۔

صحیح جواب: Share

5) سوال : چھوٹی آپا نے۔۔۔۔تک تعلیم حاصل کی تھی۔

صحیح جواب: میٹرک

6) سوال : مصنف کے کالج کی فیس کیلئے چھوٹی آپا نے خوشی سے۔۔۔۔دے دیا۔

صحیح جواب: سونے کا لاکٹ

## 4۔ مختصر سوالوں کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) سوال : سلیمان اطہر جاوید اُردو ادب میں کس حیثیت سے جانے جاتے ہیں؟

جواب: ایک بہترین استاد ، نقاد ، محقق ، شاعر ، اور کالم نگار۔

2) سوال : سلیمان اطہر جاوید نے ساری زندگی کس کی خدمت میں گذار دی؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید نے اُردو شعر و ادب کی خدمت اپنی پوری زندگی گزار دی۔

3) سوال : سلیمان اطہر جاوید کی شخصیت کے نمایاں پہلو کیا ہیں؟

جواب: " سادگی " " لگن "" یقین "" محنت " " ایمان داری " اور نصرت وغیرہ ۔

4) سوال : سلیمان اطہر کس کی حوصلہ افزائی میں ہمیشہ آگے رہتے؟

جواب: طلباء اور طالبات کی۔

5) سوال : سلیمان اطہر جاوید کے مطابق کس کی دُعائیں تھیں کہ چھوٹی آپا نے خوشحال زندگی گذاری؟

جواب: ماں کی دُعائیں

6) سوال : سلیمان اطہر جاوید جب بیمار ہوتے تھے تو ان کا خیال کون کرتا تھا؟

جواب: سلیمان اطہر جاوید (مصنف) کی چھوٹی آپا۔

## عملی کام:

### 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات لکھئے۔

چھوٹی آپا کی دُکھ بیماری میں میرا خیال رہتا۔ میں بچپن میں زیادہ بیمار رہا کرتا تھا۔ والدین کو فکر رہتی تھی لیکن چھوٹی آپا بھی بڑی متوشش رہتیں۔ جیسے وہ خود بیمار ہوں! میرے کھانے کھلانے دواؤں غذا اور پرہیز کے بارے میں وہ خاص خیال رکھتیں اور پھر نماز، روزہ اور دُعائیں کہ میں جلد اچھا ہو جاؤں۔

1) سوال: دُکھ بیماری میں کس کو بڑا خیال رہتا تھا؟

جواب:-----------------------------------------------------------------

2) سوال: سلیمان اطہر جاوید (مصنف) کب زیادہ بیمار رہتے تھے؟

جواب:-----------------------------------------------------------------

3) سوال: کس کو فکر رہتی تھی؟

جواب:-----------------------------------------------------------------

4) سوال: کون متوشش رہتی تھیں؟

جواب:-----------------------------------------------------------------

5) سوال: مصنف کی صحت یاب کی محتیابی کے لئے چھوٹی آپا کیا کرتی تھیں؟

جواب:-----------------------------------------------------------------

### 2۔ متن کے حوالے سے جملہ کی تشریح کیجئے۔

1) " جب ماں مرتی ہے توماں نہیں مرتی، بہن کے وجود میں زندہ رہتی ہے "۔

تشریح

2) " چھوٹی آپا نے بھی تعلیم حاصل کی لیکن میٹرک کے بعد والدین نے ان کی تعلیم کا سلسلہ منقطع کرا دیا "۔

تشریح

3) " ہم دونوں کو والدین سے کبھی ایک بار جو پیسے ملتے تھے انہیں جوڑ کر ہم نے کچھ روپیئے بنا لیتے "۔

تشریح

4) " کبھی میں ان کی بات مان لیتا کبھی وہ میری سُن لیتے "۔

تشریح

## 3۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : سلیمان اطہر جاوید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ------------------------------------------------------------

2) سوال : چھوٹی آپا بات کرتیں تو جاوید صاحب کو کیا محسوس ہوتا؟

جواب : ------------------------------------------------------------

3) سوال : جاوید صاحب کے کالج کی فیس ادا کرنے کیلئے چھوٹی آپا نے کیا کیا؟

جواب : ------------------------------------------------------------

4) سوال : والدین سے کچھ پیسے ملنے پر دونوں کیا کرتے تھے؟

جواب : ------------------------------------------------------------

## 4۔ طویل سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : مضمون " چھوٹی آپا " کا خلاصہ لکھئے؟

جواب: ------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
----------------------------------------

2) جاوید صاحب کی مرقع نگاری کی چند خصوصیات بیان کیجئے؟

جواب: -------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------
------------------------------------------------------------

## 5۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) جاوید صاحب جامعہ۔۔۔۔۔میں استاد رہے۔

2) چھوٹی آپا عمر میں جاوید صاحب سے۔۔۔۔۔۔تھیں۔

3) چھوٹی آپا شادی کے بعد۔۔۔۔۔۔شہر میں رہتی تھیں۔

☆☆☆☆☆

# سرسری مطالعہ

## (منتخب مضامین)


| | | |
|---|---|---|
| 1۔ ہمدردی | سرسید احمد خاں | 157 |
| 2۔ قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری | نصیر الدین ہاشمیؔ | 165 |
| 3۔ کھویا ہوا چاند | محی الدین قادری زورؔ | 172 |
| 4۔ مولانا ابوالکلام آزادؔ | ڈاکٹر سید عابد حسین | 180 |
| 5۔ ادب کیا ہے؟ | جمیل جالبی | 188 |
| 6۔ ڈائرکٹر کا کُتّا | مجتبیٰ حُسین | 196 |

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 1۔ ہمدردی

سرسید احمد خاں

مصنف کا تعارف :

## 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : سرسید احمد خاں کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: سرسید کی پیدائش 1817ء کو دہلی میں ہوئی۔

2) سوال : سرسید نے کونسا رسالہ جاری کیا؟

جواب: تہذیب الاخلاق۔

3) سوال : سرسید کی تصانیف کے نام بتایئے؟

جواب: " آثارِ الصنادید "" اسبابِ بغاوتِ ہند " اور " تاریخ بجنورِ ہند " ۔

4) سوال : سرسید نے انگریزی سرکار کی ملازمت کب اختیار کی؟

جواب: 1839ء میں

5) سوال : 1862ء میں سرسید نے غازی پور میں کونسی انجمن قائم کی؟

جواب: " سائینٹفک سوسائیٹی "۔

6) سوال : سرسید نے علی گڑھ میں اسکول کب قائم کی؟

جواب: 1857ء میں۔

7) سوال : علی گڑھ میں 1857ء میں قائم کی ہوئی اسکول 1878ء میں کس کالج میں تبدیل ہوئی؟

جواب: " محمڈن اینگلو اورینٹل کالج "۔

8) سوال : 1878ء میں تبدیل کی گئی محمڈن اینگلو اورینٹل کالج 1920ء میں کونسی یونیورسٹی میں تبدیل ہو گئی؟

جواب: " علی گڑھ مسلم یونیورسٹی "۔

9) سوال : سرسید احمد خاں کو " سر " کا خطاب کب ملا؟

جواب: 1878ء میں ۔

10) سوال : سرسید کی وفات کب ہوئی؟

جواب: سرسید کی وفات 1898ء میں ہوئی۔

## مضمون : ہمدردی

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : ہمدردی کس کو کہتے ہیں؟

جواب: دوسروں کی مدد کرنا ہمدردی کہلاتا ہے۔

2) سوال : لوگ اصل میں ہمدردی سے کیا حاصل کرتے ہیں؟

جواب: لوگ دوسروں سے ہمدردی کر کے اصل میں اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔

3) سوال : سچی ہمدردی کیا ہوتی ہے؟

جواب: بغیر کسی مفاد کے کسی مصیبت زدہ کی مدد کرنا " سچی ہمدردی " ہے۔

4) سوال: ہمدردی سے ملے جلے جذبات کیا ہیں؟

جواب: رحم اور موانست۔

5) سوال: جذبۂ رحم کیا ہوتا ہے؟

جواب: جذبۂ رحم وہ ہے جو ایک انسان و جانور سب سے کی جاتی ہے۔

6) سوال: موانست کس کو کہتے ہیں؟

جواب: موانست یا پیار وہ جذبہ جو ہم جنس یعنی انسان سے انسان کو، جانور سے جانور کو ہوتا ہے۔

7) سوال: ہمدردی کا تعلق کس سے ہے؟

جواب: ہمدردی کا تعلق عقل سے ہے۔

8) سوال: جس انسان میں ہمدردی نہیں اس میں کیا نہیں ہوتی؟

جواب: انسانیت۔

9) سوال: ہمدردی کے درجات کیا ہوتے ہیں؟

جواب: درجات کے لحاظ سے ہمدردی تبدیل ہوتی رہتی ہے جیسے: رشتہ داری میں، ملک میں، قوم میں اور دیگر ممالک کے باشندوں میں۔

10) سوال: ہمدردی کن میں زیادہ ہوتی ہے؟

جواب: قریبی رشتہ داروں میں۔

11) سوال: ہمدردی کی ضد کیا ہے؟

جواب: ہمدردی کی ضد نفرت ہے۔

12) سوال: قریبی لوگوں سے ہمدردی نہ کرنا کیا کہلاتا ہے؟

جواب: قریبی لوگوں سے ہمدردی نہ کرنا بد خصلت کہلاتا ہے۔

13) سوال: سرسید کے مطابق سچی ہمدردی کیا ہے؟

جواب: سرسید کے مطابق سچی ہمدردی وہی ہے جو قدرت کے قانون کے مطابق ہو۔

14) سوال: ہمدردی کرنے کا قدرتی قانون کیا ہے؟

جواب: ہمدردی کرنے کا قدرتی قانون پہلے رشتہ داروں سے ہمدردی کی جائے اور بعیدوں کا لحاظ کیا جائے۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

رحم و موانست اور ہمدردی شاید نتیجہ میں متحد ہوں، مگر ہر ایک کا منشاء مختلف ہے۔ رحم ایک فطری نیکی ہے، جو ہم جنس اور غیر ہم جنس دونوں کے ساتھ برتی جاتی ہے، موانست کا اثر صرف ہم جنسوں میں پایا جاتا ہے۔ ہمدردی جو عقل کے نتیجوں میں سے ہے، ذی عقل ہی میں ہو سکتی ہے اور اس لئے صرف انسان ہی میں منحصر ہے۔ بس جس میں ہمدردی نہیں اس کی انسانیت میں نقصان ہے۔

1) سوال: رحم کونسی نیکی ہے؟

جواب: فطری نیکی۔

2) سوال: رحم کس کو کہتے ہیں؟

جواب: رحم وہ جذبہ ہے جو ہم جنس اور غیر ہم جنس دونوں کے ساتھ برتا جاتا ہے۔

3) سوال: موانست کس کو کہتے ہیں؟

جواب: موانست وہ صرف ہم جنسوں میں پایا جاتا ہے۔

4) سوال: ہمدردی کس میں ہوتی ہے؟

جواب: ہمدردی ذی عقل میں ہوتی ہے۔

5) سوال: جس میں ہمدردی نہیں وہ کیا ہے؟

جواب: جس میں ہمدردی نہیں اُس میں انسانیت نہیں ہوتی۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال: سرسید کی پیدائش ہوئی۔ ( 1 )

1۔ 1817ء　　2۔ 1820ء　　3۔ 1821ء

2) سوال: سرسید کی قائم کردہ یونیورسٹی کا نام۔ ( 2 )

1۔ عثمانیہ یونیورسٹی 2۔ علی گڑھ یونیورسٹی 3۔ ناگارجنا یونیورسٹی

3) سوال: ہمدردی کیا ہے۔ ( 1 )

1۔ دوسروں کی مدد کرنا 2۔ نفرت کرنا 3۔ عشق کرنا

4) سوال: قریبی رشتہ داروں میں زیادہ ہوتی ہے۔ ( 1 )

1۔ ہمدردی 2۔ نفرت 3۔ رشک

5) سوال: جب کسی میں ہمدردی کا جذبہ کم ہو جائے تو بڑھ جاتی ہے۔ ( 2 )

1۔ محبت 2۔ نفرت 3۔ ہمدردی

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے۔

1) سوال: سرسید احمد خاں۔۔۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

صحیح جواب: دہلی

2) سوال: جو لوگ۔۔۔۔۔۔۔کرتے ہیں وہ حقیقت میں اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔

صحیح جواب: ہمدردی

3) سوال: رحم ایک۔۔۔۔۔نیکی ہے۔

صحیح جواب: فطری

4) سوال: ہمدردی کی ضد۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: نفرت

5) سوال: قریبی لوگوں سے ہمدردی نہ کرنا۔۔۔۔۔لوگوں کی نشانی ہے۔

صحیح جواب: بدخصلت

## عملی کام:

## 1۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے۔

1) **سوال :** ہمدردی کس کو کہتے ہیں؟

**جواب:** ----------------------------------------------------------------

2) **سوال :** ہمدردی کے درجات بتائیے؟

**جواب:** ----------------------------------------------------------------

3) **سوال :** سچی ہمدردی کیا ہوتی ہے؟

**جواب:** ----------------------------------------------------------------

## 2۔ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

1) **سوال :** مضمون " ہمدردی " کا خلاصہ لکھئے۔

**جواب:** ----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

----------------------------------------------------------------

2) **سوال :** جذبہء ہمدردی سے متعلق مصنف کے خیالات تحریر کیجئے۔

**جواب:**

3) **سوال :** سرسید نے اپنے مضمون میں " ہمدردی " کی وضاحت کس طرح کی ہے بتایئے ؟۔

**جواب:**

--------------------------------------------------------------

------------------------

## 3۔ خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1) مضمون " ہمدردی " کے مصنف۔۔۔۔۔۔۔

2) ہمدردی کی ضد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

3) رحم ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

☆☆☆☆☆

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

## 2۔ قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری

نصیر الدین ہاشمیؒ

### مصنف کا تعارف :

### 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : نصیر الدین ہاشمیؒ کہاں پیدا ہوئے ؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؒ 1895ء میں حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔

2) سوال : نصیر الدین ہاشمیؒ کا اہم کارنامہ کیا ہے؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؒ کا اہم کارنامہ حیدرآباد اور یورپ کے کتب خانوں میں دکنی مخطوطات کی تلاش ہے۔

3) سوال : نصیر الدین ہاشمیؒ کی تصانیف کے نام بتایئے؟

جواب: " دکن میں اُردو " " قدیم دکنی کے چند تحقیقی مضامین " اور " دکنی کلچر " ۔

4) سوال : نصیر الدین ہاشمیؒ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؒ کا انتقال 1964ء میں ہوا۔


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# مضمون : قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری

## عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : ابتداء میں دکن میں کس زبان نے خوب ترقی کی؟

جواب: اُردو زبان نے خوب ترقی کی۔

2) سوال : کیا یہ بات سچ ہے کہ اُردو میں منظر نگاری کی روایت انگریزوں کے اثر سے آئی ہے ؟

جواب: یہ بات سراسر غلط ہے کہ اُردو میں منظر نگاری کی روایت انگریزوں سے آئی ہے۔

3) سوال : نصیر الدین ہاشمی نے کن شعراء کے کلام کے توسط سے دکن میں منظر نگاری کے پائے جانے کو بتایا؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؔ نے سلطان محمد قلی قطب شاہؔ، نصرتیؔ اور علی عادل شاہؔ کے کلام کی روشنی میں بتایا کہ دکن میں منظر نگاری پائی جاتی ہے۔

4) سوال : نیچرل شاعری سے کیا مراد ہے؟

جواب: نیچرل شاعری سے مراد مناظرِ فطرت پر اظہارِ خیال ہے۔ جیسے چاندنی ، برسات ، پہاڑ اور جنگلات وغیرہ پر خیال آرائی کرنا ہے۔

5) سوال : منظر نگاری کس کو کہتے ہیں؟

جواب: مناظرِ فطرت جیسے : چاندنی ، برسات ، پہاڑ اور جنگلات وغیرہ پر اظہارِ خیال کو منظر نگاری کہتے ہیں۔

6) سوال : وصف نگاری کس کو کہتے ہیں؟

جواب: مصنوعی چیزیں جیسے باغ کی آرائش وزیبائش، کسی جلوس یا دربار اور رسومات کا تذکرہ کیا جائے تو اس کو وصف نگاری کہتے ہیں۔

7) سوال : دکن میں کس بادشاہ کی شاعری میں منظر نگاری زیادہ پائی جاتی ہے؟


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

جواب: محمد قلی قطب شاہؒ۔

8) سوال : محمد قلی قطب شاہؒ نے اپنے کلام میں کن چیزوں کا ذکر کیا ہے ؟

جواب: محمد قلی قطب شاہؒ نے اپنے کلام میں موسموں کا حال ، ہلالِ عید ، رسوماتِ شادی بیاہ ، پھل پھول ، ترکاریوں ، رسمِ جلوہ و دیگر رسومات ، شبِ معراج ، عیدِ رمضان ، عیدِ غدیر ، عیدالاضحیٰ ، مولودِ نبیؐ کا ذکر کیا ہے وغیرہ۔

9) سوال : محمد قلی قطب شاہ کے علاوہ دکن کے کس شاعر کا ذکر کیا ہے ؟

جواب: دکن کے دوسرے بڑے شاعر نصرتیؔ کا ذکر کیا ہے۔

10) سوال : نصرتیؔ کی ایک ایسی مثنوی کا نام بتایئے جس میں منظر نگاری پائی جاتی ہے ؟

جواب: نصرتیؔ کی مثنوی " گلشنِ عشق " میں منظر نگاری پائی جاتی ہے۔

11) سوال : قطب شاہی دور کے بعد دکن میں کس دور کی شروعات ہوتی ہے ؟

جواب: قطب شاہی دور کے بعد دکن میں " مغلیہ دور " کی شروعات ہوتی ہے۔

12) سوال : مغلیہ دور کے کسی ایک شاعر کا نام بتایئے ؟

جواب: مغلیہ دور کا مشہور شاعر " ولیؔ دکنی " ہے۔

13) سوال : نصیر الدین ہاشمی نے اپنے مطالعہ سے کس بات کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے ؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؔ نے اپنے مطالعہ سے اس بات کو واضح کرنے کی کوشش کی کہ دکن کے شعرا نے زمانہء قدیم سے ہی اپنی شاعری میں منظر نگاری ، جذبات نگاری اور وصف نگاری کی اعلیٰ مثالیں پیش کی ہے۔

## 1۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیئے۔

1) سوال : نصیر الدین ہاشمیؔ کہاں پیدا ہوئے ؟ ( 1 )

1۔ حیدر آباد　　2۔ دہلی　　3۔ آگرہ

2) سوال : قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری کس کی تصنیف ہے ؟ ( 1 )

1۔ نصیر الدین ہاشمیؔ 2۔ سرسید 3۔ ولیؔ

3) سوال : علی نامہ کس نے لکھا؟ ( 3 )

1۔ ولیؔ 2۔ میرؔ 3۔ نصرتیؔ

4) سوال : دکن میں کس بادشاہ کی شاعری میں منظر نگاری زیادہ پائی جاتی ہے؟ ( 1 )

1۔ محمد قلی قطب شاہؔ 2۔ نصرتیؔ 3۔ کوئی نہیں

5) سوال : دکن کا مشہور بادشاہ اور شاعر؟ ( 1 )

1۔ محمد قلی قطب شاہ 2۔ غالبؔ 3۔ ولیؔ

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : نصیر الدین ہاشمیؔ کی پیدائش ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سال میں ہوئی۔

صحیح جواب: 1895ء

2) سوال : قدیم اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی تصنیف ہے۔

صحیح جواب: نصیر الدین ہاشمیؔ

3) سوال : " گلشنِ عشق " ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی مثنوی ہے۔

صحیح جواب: نصرتیؔ

4) سوال : قطب شاہی دور کے بعد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دور آتا ہے۔

صحیح جواب: مغلیہ

5) سوال : قدیم اُردو میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ شاعری کا بہت کچھ ذخیرہ موجود ہے۔

صحیح جواب: نیچرل

## عملی کام:

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات لکھئے۔

اگر ہم دکنی زبان کے ادبی کارناموں کو ذہن میں رکھیں تو ہمیں یہ جان کر حیرت ہوتی ہے کہ اُردو زبان نے اپنے ابتدائی دور میں بھی کتنی ترقی کی تھی۔ اس مضمون میں نصیر الدین ہاشمیؔ نے اس عام غلط فہمی کو دور کرنے کی کوشش کی ہے کہ اُردو ادب میں منظر نگاری انگریزوں کے اثر سے آئی۔ انھوں نے سلطان محمد قلی قطب شاہ ، نصرتی اور عادل شاہ شاہیؔ کے کلام کی روشنی میں تفصیل سے بتایا کہ دکنی شاعری موضوعات کے اعتبار سے کس قدر وسیع اور متنوع تھی۔

1) سوال : عبارت میں کس زبان کے ادبی کارناموں کا ذکر ہے ؟

جواب: دکنی زبان کے کارناموں کا

2) سوال : کس زبان کی ترقی اپنے دور میں بھی شایانِ شان تھی ؟

جواب: اُردو زبان کی

3) سوال : نصیر الدین ہاشمیؔ نے کس غلط فہمی کو دور کیا؟

جواب: نصیر الدین ہاشمیؔ نے اس غلط فہمی کو دور کیا کہ اُردو ادب میں منظر نگاری انگریزوں کے اثر سے آئی ہے۔

4) سوال : مصنف نے عبارت میں کن شعراء کا ذکر کیا؟

جواب: " محمد قلی قطب شاہؔ ، نصرتیؔ اور علی عادل شاہ شاہیؔ "۔

5) سوال : دکنی شاعری موضوعات کے اعتبار سے کیسی تھی ؟

جواب: دکنی شاعری موضوعات کے اعتبار سے " وسیع اور متنوع " تھی۔

## 2۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : نصیر الدین ہاشمیؔ نے کس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے بتایئے ؟

جواب: ------------------------------------------------------------

2) سوال : محمد قلی قطب شاہ نے اپنے کلام میں کن چیزوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب: ------------------------------------------------------------

3) سوال : نیچرل شاعری کس کو کہتے ہیں؟

جواب: ------------------------------------------------------------

## 3۔ سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : مضمون اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری کا خلاصہ لکھئے۔

جواب: ------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

2) سوال : اُردو (دکنی) میں نیچرل شاعری میں محمد قلی قطب شاہ کی شاعری کے مختلف موضوعات پر روشنی ڈالئے۔

جواب: ------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------

3) اس بات کو ثابت کیجئے کہ " قدیم دور سے ہی دکن میں نیچرل شاعری پائی جاتی ہے۔

جواب:---------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
---------------------------------------------------------------------------------
------------------------------------------

## 4۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) نصیرالدین ہاشمیؔ-------میں پیدا ہوئے۔

2) دکن میں-------------بادشاہ کی شاعری میں منظر نگاری زیادہ پائی جاتی ہے۔

3) نصرتیؔ کی مثنوی -----------  میں منظر نگاری پائی جاتی ہے۔

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 3۔ کھویا ہوا چاند

محی الدین قادری زورؔ

### مصنف کا تعارف :

## 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : ڈاکٹر زورؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

جواب: ڈاکٹر زورؔ 1905ء میں حیدر آباد کے محلّہ شاہ گنج میں پیدا ہوئے۔

2) سوال : ڈاکٹر زورؔ کو کس سے والہانہ محبت تھی؟

جواب: ڈاکٹر زورؔ کو سرزمین دکن سے والہانہ محبت تھی۔

3) سوال : ڈاکٹر زورؔ کس کے بانی تھے ؟

جواب: ڈاکٹر زورؔ ادارہ ادبیات اُردو کے بانی تھے۔

4) سوال : ڈاکٹر زورؔ کی تصانیف کے نام بتائیے ؟

جواب: " روحِ تنقید " " اُردو شہ پارے " اور " ہندوستانی لسانیات " ۔

5) سوال: ڈاکٹر زورؔ کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب: ڈاکٹر زورؔ کا انتقال 24 ستمبر 1962ء کو بمقام کشمیر میں ہوا۔

## مضمون: کھویا ہوا چاند

## عمومی سوالات وجوابات

1) سوال: کھویا ہوا چاند میں کس ندی کی طغیانی کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: موسیٰ ندی کی طغیانی کا ذکر کیا گیا ہے۔

2) سوال: موسیٰ ندی کی طغیانی نے گولکنڈہ کو کن لوگوں کے حملوں سے بچائے رکھا؟

جواب: مغلوں کے حملوں سے بچائے رکھا۔

3) سوال: طغیانی سے بچنے کے لئے کیا بنایا گیا؟

جواب: طغیانی سے بچنے کے لئے گولکندہ اور موضع چچلم کے درمیان ایک عالی شان پُل بنایا گیا۔

4) سوال: کون تختِ نشین ہوا تھا؟

جواب: شہزادہ عبداللہ مرزا تختِ نشین ہوا تھا۔

5) سوال: بقر عید کیسی منائی گئی؟

جواب: بقر عید پر خوشیاں منائی گئی اور اس سال زیادہ بکروں کی قربانی دی گئی تھی۔ جس کی وجہ سے موسیٰ ندی کا پانی سُرخ ہو گیا تھا۔

6) سوال: ہتھیان کا درخت کی تفصیل بتایئے؟

جواب: یہ درخت کئی سال پرانا ہے۔ اس کی چوڑائی ایک سو سولہ فٹ ہے یہاں کوچئہ صورت مورت ہے جہاں شاہی ہاتھی رکھے جاتے تھے۔ یہ دونوں ہاتھی خوبصورت اور تربیت یافتہ تھے۔

7) سوال : عید الاضحیٰ کی تقریب منانے کے بعد شہزادہ کہاں کے لئے روانہ ہوا تھا؟

جواب: عید الاضحیٰ کی تقریب منانے کے بعد شہزادہ محل سے گولکنڈہ جارہا تھا۔

8) سوال : سفر کے دوران شہزادے کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب : شہزادہ ہاتھی مورت پر سوار ہو کر پُل کے پاس پہنچا۔ مورت پانی کی طغیانی دیکھ کر وہیں رُک گیا ۔مہاوت نے ہاتھی کو آگے بڑھنے کے لئے زبردستی کی تو مورت نے غصّہ سے مہاوت کو کچل دیا اور شہزادہ کے سمیت جنگل کی طرف بھاگ گیا۔

9) سوال : شہزادے کی ماں کا نام کیا ہے؟

جواب: شہزادے کی ماں کا نام حیات بخش بیگم ہے۔

10) سوال : شہزادے کی گمشدگی کی خبر سُن کر ماں حیات بخش بیگم نے کیا کیا؟

جواب: شہزادے کی گمشدگی کی خبر سُن کر ماں حیات بخش بیگم نے خیر و خیرات شروع کر دیا۔ شہر میں اعلان کروایا کہ جو بھی شہزادے کی خبر لائے گا اس کو انعام دیا جائے گا۔

11) سوال : دوسرے دن تک شہزادے کی خبر نہ ملی تو کیا کیا گیا؟

جواب: دوسرے دن تک شہزادے کی خبر نہ ملی تو قلعہ اور بھاگ نگر کے درختوں پر توشہ دان اور پانی لگائے گئے تاکہ اگر مورت وہاں سے گزرے تو وہ شہزادے کے کام آجاوئے۔

12) سوال : حیات بخش بیگم نے محرم کا چاند دیکھ کر کیا منّت مانگی؟

جواب: حیات بخش بیگم نے محرم کا چاند دیکھ کر یہ منّت مانگی کہ اگر شہزادہ واپس آجاوئے تو چالیس من سونے کی زنجیر بناکر مست ہاتھی کے پاؤں میں باندھ کر شہزادے کو پاپیادہ حُسینی علم تک لے جاکر آؤنگی اور وہاں سونا اور لنگر فقراء میں تقسیم کردونگی۔

13) سوال : ہاتھی کب واپس آیا؟

جواب: ہاتھی کی سرمستی اتر جانے کے بعد وہ دوسرے دن شہزادے کے ساتھ واپس آگیا۔

14) سوال : حیات بخش بیگم نے شہزادے کی واپسی پر کیا کیا؟

جواب: حیات بخش بیگم نے شہزادے کو حصار کے باہر ہی روک دیا۔ چالیس من سونے کی زنجیر ہاتھی کے پیر میں باندھ کر شہزادے کو حُسینی علم تک لے گئی اور وہاں تمام سونا اور لنگر غرباء میں تقسیم کر دیا۔

15) **سوال**: کیا یہ رسم آج بھی جاری ہے؟

**جواب**: آج تک یہ رسم جاری ہے محرم میں منّت مانگتے ہیں اور لنگر لاکر حُسینی علم میں غرباء میں تقسیم کرتے ہیں۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

اسی وقت سینکڑوں سُنار جمع ہو گئے۔ چالیس من سونے کی زنجیر بنوائی گئی۔ چالیس من پختہ مصری کا شربت بھی تیار کیا گیا۔ قلعہ سے دروازہ حُسینی علم تک سرخ مخمل کا فرش بچھ گیا اور سلطان عبداللہ برہنہ پا کمر میں زنجیر بندھی ہوئی حُسینی علم تک پیدل روانہ ہوا اور وہ طلائی زنجیر اور شربت قند و گلاب وہاں غرباء میں تقسیم کر دیا۔ اس وقت سے اب تک ہر سال محرم میں عقیدت مندوں کی طرف سے سینکڑوں لنگر حُسینی علم میں داخل ہوتے ہیں اور حیات بخش بیگم ماں صاحبہ کی یہ منت بطریق ارادت ہمیشہ جاری رہے گی۔

1) **سوال**: کس نے منّت مانگی؟

**جواب**: حیات بخش بیگم

2) **سوال**: کتنے من کی زنجیر بنائی گئی؟

**جواب**: چالیس من سونے کی زنجیر بنائی گئی۔

3) **سوال**: کہاں سے کہاں تک سرخ مخمل کا فرش بچھایا گیا؟

**جواب**: قلعہ سے حُسینی علم تک سرخ مخمل کا فرش بچھایا گیا۔

4) **سوال**: یہ واقعہ کس ماہ میں پیش آیا؟

**جواب**: محرم میں۔

5) **سوال**: کیا یہ رسم آج بھی جاری ہے؟

**جواب**: ہاں، یہ رسم آج بھی جاری ہے۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال : ڈاکٹر زورؔ کی سنِ ولادت کیا ہے؟ ( 3 )

1۔ 1900ء 2۔ 1901ء 3۔ 1905ء

2) سوال : ڈاکٹر زورؔ نے کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟ ( 1 )

1۔ عثمانیہ 2۔ ناگارجنا 3۔ پدماوتی

3) سوال : گولکنڈہ کس ندی کے کنارے واقع ہے؟ ( 2 )

1۔ کرشنا 2۔ موسیٰ 3۔ گوداوری

4) سوال : اس ہاتھی کا نام بتایئے جو شہزادے کو لے کر بھاگ گیا؟ ( 2 )

1۔ صورت 2۔ مورت 3۔ کرشنا

5) سوال : شہزادے کی ماں کا نام بتایئے؟ ( 1 )

1۔ حیات بخش بیگم 2۔ قمر النساء 3۔ نجم النساء

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : ڈاکٹر زورؔ کا سلسلۂ نسب۔۔۔۔۔سے ملتا ہے۔

صحیح جواب: سید احمد کبیر رفاعی

2) سوال : فنِ تنقید۔۔۔۔۔۔۔۔نے لکھا۔

صحیح جواب: ڈاکٹر زورؔ

3) سوال : شہزادہ کا نام۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

صحیح جواب: عبداللہ مرزا

4) سوال : موسیٰ ندی کے پُل کے قریب۔۔۔۔۔۔۔۔۔دور دور تک مشہور تھا۔

صحیح جواب: کوچۂ صورت مورت

5) سوال: ڈاکٹر زورؔ کا انتقال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی وجہ سے ہوا۔

صحیح جواب: قلب پر حملہ

## عملی کام:

### 1۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال: کھویا ہوا چاند کا مرکزی کردار کون ہے؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2) سوال: حیات بخش بیگم نے کیا منّت مانگی؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3) سوال: ہتھیان کے درخت کے بارے میں بتایئے؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

### 2۔ سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال: مضمون " کھویا ہوا چاند " کا خلاصہ لکھئے۔

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2) سوال : مضمون " کھویا ہوا چاند " میں حیات بخش بیگم کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

جواب:

3) سوال : مضمون " کھویا ہوا چاند " میں قدیم رسم کے احترام کو کیوں اور کس طرح منایا جاتا ہے بتایئے۔

جواب:

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------

## 3۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) عبداللہ مرزا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا بادشاہ تھا۔

2) روحِ تنقید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے لکھی۔

3) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ندی کی طغیانی نے گولکنڈہ کو مغلوں کے حملوں سے بچائے رکھا۔

☆☆☆☆☆

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 4۔ مولانا ابوالکلام آزادؔ

ڈاکٹر سید عابد حسین

### مصنف کا تعارف :

### 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : ڈاکٹر سید عابد حسینؔ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی ؟

جواب: سید عابد حسین کی ولادت 1896ء میں بھوپال میں ہوئی۔

2) سوال : سید عابد حسینؔ نے کہاں تعلیم حاصل کی ؟

جواب : سید عابد حسین نے ابتدائی تعلیم قریہ اسکول میں حاصل کی۔ بھوپال کے جہاں گیر اسکول سے میٹرک کامیاب کیا۔ میور کالج ، الہ آباد سے بی۔اے۔ کیا۔ پھر علی گڑھ یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ درمیان میں اعلیٰ تعلیم کیلئے آکسفرڈ، انگلستان چلے گئے۔

3) سوال : سید عابد حسینؔ نے کہاں ملازمت حاصل کی ؟

جواب: سید عابد حسین نے " جامیہ ملیہ " میں ملازمت حاصل کی۔

4) سوال : سید عابد حسین کی شادی کس سے ہوئی؟

جواب: عابد حسین کی شادی مشہور ادیبہ صالحہ عابد حسین سے ہوئی۔ جو رشتہ میں الطاف حسین حالیؔ کی پڑ پوتی تھیں۔

5) سوال : سید عابد حسین کی تصانیف کے نام بتائیے؟

جواب: " قومی تہذیب کا مسلئہ " " ہندوستانی مسلمان آئینہ ایام میں " اور " گاندھی اور نہرو کی راہ " ہیں ۔

6) سوال : سید عابد حسین کی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے انہیں کس اعزاز سے نوازا؟

جواب: سید عابد حسین کی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے انھیں 1957ء میں " پدما بھوشن " کے اعزاز سے نوازا۔

7) سوال : سید عابد حسین کی وفات کب ہوئی؟

جواب: سید عابد حسین کی وفات 13 ڈسمبر 1978ء کو ہوئی ۔

## مضمون : مولانا ابوالکلام آزادؔ

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم کا نام کیا ہے؟

جواب: : ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم کا نام "مولانا ابوالکلام آزادؔ" ہے۔

2) سوال : مولانا ابوالکلام آزادؔ کی زندگی کے دو ادوار پر مختصر لکھیے؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزادؔ کی زندگی کے ابتدائی پینتیس سال 1888ء میں پیدائش سے لیکر 1923ء تک ہے۔ یہ ان کی زندگی کا تشکیلی دور ہے۔ دوسرا دور 1924ء سے لیکر 1958 تک ہے۔ جس میں انہوں نے ہندوستان کی آزادی اور اس کے کے بعد تعلیمی ڈھانچہ کی تشکیل میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

3) **سوال** : مولانا آزادؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

**جواب**: آزادؔ کی پیدائش " مکّہِ معظّمہ " میں ہوئی۔

4) **سوال** : مولانا آزاد کی تعلیم کا سلسلہ کیسے چلا؟

**جواب**: مولانا آزاد کسی مدرسے میں داخل نہیں ہوئے۔ اپنے والد سے درس لیتے تھے کبھی کبھی دوسرے اساتذہ سے بھی پڑھا۔ دس گیارہ برس کی عمر میں خاصے مجمع میں تقریر کر سکتے تھے۔

5) **سوال** : مولانا ابوالکلام آزادؔ کو کس کا بہت زیادہ شوق تھا؟

**جواب**: مولانا ابوالکلام آزادؔ کو اخبار نویسی اور کتب بینی کا بہت زیادہ شوق تھا۔

6) **سوال** : مولانا ابوالکلام آزادؔ کے اخبارات کے نام بتائیے؟

**جواب**: " المصباح " " لسان الصدق " " الہلال " اور " البلاغ "

7) **سوال** : اخبارات کے ذریعہ وہ اپنے کن خیالات کا اظہار کرنے لگے؟

**جواب**: اخبارات کے ذریعہ وہ اپنے سیاسی خیالات کا اظہار کرنے لگے۔

8) **سوال** : مولانا آزادؔ کے نظر بندی کے حالات لکھئے؟

**جواب**: مولانا آزادؔ کے خیالات کی وجہ سے انگریزوں نے انھیں کلکتہ سے نکال دیا۔ انھیں ساڑھے تین سال تک نظر بند کر دیا گیا۔ وہ اس زمانے میں آزادی کی تحریک میں شامل ہو گئے۔ اُنہیں جیل جانا پڑا۔ 1923ء میں انھیں جیل سے رہا کر دیا گیا۔

9) **سوال** : مولانا آزادؔ کی ادبی زندگی کے بارے میں لکھئے؟

**جواب**: مولانا آزادؔ ایک اچھے انشاء پرداز تھے۔ مولانا آزادؔ کی ادبی زندگی کے تین دور قرار دئے جا سکتے ہیں۔ جن میں ان کی اسلوب کی پختگی جھلکتی ہے۔

10) **سوال** : مولانا آزادؔ نے کس عمر میں کانگریس کے جلسہ کی صدارت کی؟

**جواب**: مولانا آزادؔ نے 35 سال کی عمر میں کانگریس کے اجلاس کی صدارت کی۔

11) **سوال** : مولانا آزادؔ کی صحافتی زندگی کی شروعات کیسے ہوئی؟

**جواب**: مولانا آزادؔ کی صحافتی زندگی کی شروعات اخباروں میں لکھنے سے شروع ہوئی۔

12) **سوال** : مولانا آزادؔ کے ادبی زندگی کے دوسرے دور کے بارے میں لکھئے؟

جواب: مولانا آزادؔ نے اپنی ادبی زندگی کے دوسرے دور میں " تذکرہ " لکھا تھا۔اس دور میں وہ قرآن مجید کی تفسیر کے کام میں مصروف رہے۔

13) سوال : مولانا آزادؔ کے ادبی زندگی کے تیسرے دور کے بارے میں لکھئے ؟

جواب: مولانا آزادؔ کا تیسرا دور 1936ء سے 1945ء تک رہا۔اس دور میں انھوں نے " غبارِ خاطر " لکھا۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

مولانا ابوالکلام آزادؔ ستّر برس کی عمر پائی ، جو کسی زمانے میں طبیعی سمجھی جاتی تھی۔اتفاق کی بات یہ ہے کہ ان کی پوری زندگی کو نشو نما کے مدارج کے لحاظ سے پینتیس پینتیس برس کے برابر حصّوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلا حصّہ 1888ء سے شروع ہو کر 1923ء پر دوسرا حصّہ 1924ء سے شروع ہو کر 1958ء پر ختم ہو تا ہے۔

1) سوال : مولانا آزادؔ نے کتنی عمر پائی؟

جواب: ستّر برس کی عمر پائی

2) سوال : مولانا آزادؔ کی زندگی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

جواب: دو ادوار میں۔

3) سوال : پہلا دور کب سے کب تک ہے ؟

جواب: 1888ء سے 1923ء تک ہے۔

4) سوال : دوسرا دور کب سے کب تک ہے ؟

جواب: 1924ء سے 1958ء تک۔

5) سوال : ہر دور کتنے سال کا ہے ؟

جواب: ہر دور 35 سال کا ہے۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال : سید عابد حسین کا مقام پیدائش؟ ( 2 )

1۔ دہلی 2۔ بھوپال 3۔ 1905ء

2) سوال : سید عابد حسین نے کس یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی؟ ( 1 )

1۔ علی گڑھ 2۔ عثمانیہ 3۔ آندھرا

3) سوال : مولانا آزادؔ کو کس کا زیادہ شوق تھا؟ ( 1 )

1۔ کتب بینی 2۔ سینما 3۔ موسیقی

4) سوال : " غبارِ خاطر " کس نے لکھی؟ ( 3 )

1۔ عابد حسین 2۔ غالبؔ 3۔ آزادؔ

5) سوال : مولانا ابوالکلام آزادؔ کی زندگی کو کتنے حصّوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟ ( 2 )

1۔ تین 2۔ دو 3۔ چار

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : سید عابد حسین کو۔۔۔۔۔۔اعزاز سے نوازا گیا۔

صحیح جواب: پدما بھوشن

2) سوال : غبارِ خاطر۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی تصنیف ہے۔

صحیح جواب: مولانا ابوالکلام آزادؔ

3) سوال : مولانا ابوالکلام کا اصل نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: محی الدین

4) سوال : مولانا آزادؔ نے۔۔۔۔۔۔۔عمر پائی۔

صحیح جواب: ستّر برس

5) سوال : ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔

صحیح جواب: مولانا ابوالکلام آزادؔ

## عملی کام:

### 1۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : مولانا آزادؔ کی تعلیم سے متعلق لکھئے ؟

جواب:------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

2) سوال : مولانا آزادؔ کی نظر بندی کے بارے میں لکھئے ؟

جواب:------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

3) سوال : مولانا آزادؔ کی ادبی زندگی کے ادوار کیا ہیں بتائیے ؟

جواب:------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

### 2۔ سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : سید عابد حسین کا مختصر تعارف تحریر کیجئے ؟

جواب:------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------

2) سوال : مضمون" مولانا ابوالکلام آزادؔ " کے حوالے سے مولانا آزاد کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کو تحریر کیجئے۔

جواب:

3) مولانا آزادؔ کی زندگی کے مختلف ادوار کا ذکر کیجئے۔

جواب:

## 3۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔
2) سید عابد حسین کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے اعزاز سے نوازا۔
3) مولانا ابو الکلام آزادؔ کو۔۔۔۔۔۔۔۔ شوق تھا۔

☆☆☆☆☆

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

## 5۔ ادب کیا ہے؟

جمیل جالبی

### مصنف کا تعارف :

### 1. عمومی سوالات وجوابات :

1) **سوال :** ڈاکٹر جمیل جالبی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

**جواب:** جمیل جالبی کی پیدائش 12 جون 1929ء کو علی گڑھ کے یوسف زئی پٹھان گھرانے میں ہوئی۔

2) **سوال :** جمیل جالبی نے تعلیم کہاں حاصل کی؟

**جواب:** جمیل جالبی نے ابتدائی تعلیم علی گڑھ میں حاصل کی۔ سہاران پور سے میٹرک کیا۔ میرٹھ کالج سے بی۔ اے۔ کیا۔ پھر اپنے بھائی کے ساتھ کراچی گئے۔ یہیں انہوں نے ایم۔ اے۔ اور سندھ یونیورسٹی پاکستان سے پی۔ ایچ۔ ڈی۔ اور ڈی۔ لٹ۔ کی ڈگری حاصل کی۔

3) **سوال :** جمیل جالبی نے کب لکھنا شروع کیا تھا؟

**جواب:** جمیل جالبی نے بچپن سے ہی لکھنا شروع کیا۔

4) سوال : جمیل جالبی کی تصانیف کے نام بتائیے؟

جواب:" سکندر اور ڈاکو " " تاریخ اُردو ادب " اور" ادب کلچر اور مسائل "وغیرہ ۔

5) سوال : جمیل جالبی کی ادبی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ پاکستان نے انہیں کن اعزازات سے نوازا؟

جواب: جمیل جالبی کی ادبی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ پاکستان نے انہیں " ستارہِ امتیاز " اور" ہلالِ امتیاز "اور دیگر اعزازات سے نوازا۔

6) سوال : جمیل جالبی نے کتنی عمر پائی؟

جواب: جمیل جالبی نے 88 سال کی عمر پائی۔

7) سوال : جمیل جالبی کہاں مقیم ہیں؟

جواب: جمیل جالبی پاکستان کے شہر کراچی میں مقیم ہیں۔

## مضمون : ادب کیا ہے!

### عمومی سوالات وجوابات

1) سوال : ادب کس کو کہتے ہیں؟

جواب:: ادب زندگی کی تعریف ہے۔ لفظوں کے ذریعہ جذبے، احساس یا فکر وخیال کے اظہار کو ادب کہتے ہیں۔

2) سوال : کیا اخبار کے کالم یا اداریہ ادب میں شمار ہوتے ہیں؟

جواب: عام طور پر اخبار کے کالم یا اداریہ ادب میں شمار نہیں ہوتے حالانکہ ان میں بھی الفاظ ہوتے ہیں خیالات پیش کئے جاتے ہیں۔

3) سوال : کس قسم کی تحریر کو ادب کہتے ہیں؟

جواب: ادب وہ تحریر ہے جو ہمارے شعور اور تجربوں میں اضافہ کرے زماں و مکاں کی قید سے آزاد ہو کر

آفاقیت اختیار کرے۔

4) **سوال** : ادب کے ذریعہ ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے؟

**جواب**: ادب کے ذریعہ ہم دوسروں کے تجربوں میں شریک ہوتے ہیں۔ ادب زندگی کا شعور فراہم کرتا ہے جس کے ذریعہ ہم بدلتے ہیں۔

5) **سوال** : غالبؔ، حالیؔ، سرسید اور اقبالؔ نے جو خیالات پیش کئے ہیں اس سے کیا اندازہ ہوتا ہے؟

**جواب**: غالبؔ، حالیؔ، سرسید اور اقبالؔ وغیرہ نے جو خیالات پیش کئے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہم خود اپنے آپ سے واقف ہوئے ہیں۔

6) **سوال** : ادب ہمارا رشتہ کس سے جوڑتا ہے؟

**جواب**: ادب ہمارا رشتہ ماضی سے قائم کرکے مستقبل سے جوڑتا ہے۔

7) **سوال** : کیسے انسان ادب کا احساس رکھتے ہیں؟

**جواب**: باشعور انسان اور دردمند انسان ادب کا شعور رکھتے ہیں۔

8) **سوال** : جدید دور میں کس کا ٹکراؤ ہے؟

**جواب**: جدید دور میں ادب اور سائنس کا ٹکراؤ ہے۔

9) **سوال** : ادب اور سائنس میں کیا فرق ہے؟

**جواب**: ادب اور سائنس زندگی کی حقیقت کو بیان کرتا ہے اور ادب سے زندگی میں فکر و احساس ملتے ہیں۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

ادب زندگی میں نئے معنی تلاش کرنے کا نام ہے اور اسی لئے ادب زندگی کے شعور کا نام ہے۔ اسی شعور کے ذریعہ ہم بدلتے ہیں۔ ہم وہ نہیں رہتے جو اس وقت ہیں اور اس سے ہمارے اندر قوت عمل پیدا ہوتی ہے زندگی کے ایسے تجربے، جن سے ہمیں کبھی واسطہ نہیں پڑا، ادب کے ذریعہ براہِ راست ہمارے تجربے بن جاتے ہیں اور ہمیں اور ہمارے اندازِ فکر کو بدل دیتے ہیں۔

1) سوال : ادب کس کا نام ہے؟

جواب: ادب زندگی میں نئے معنی تلاش کرنے کا نام ہے۔

2) سوال : ادب سے ہمارے اندر کیا ہوتا ہے؟

جواب: ادب سے ہمارے اندر تبدیلی آتی ہے۔

3) سوال : ادب سے ہمارے اندر کیا پیدا ہوتی ہے؟

جواب: ادب سے ہمارے اندر قوتِ عمل پیدا ہوتی ہے۔

4) سوال : ادب کی وجہ سے ہماری زندگی کے کونسے واقعات تجربہ بن جاتے ہیں؟

جواب: زندگی کے ایسے تجربے، جن سے ہمیں کبھی واسطہ نہیں پڑا، ادب کے ذریعہ براہِ راست ہمارے تجربے بن جاتے ہیں۔

5) سوال : کس قسم کی تحریر کو ادب کہتے ہیں؟

جواب: ادب وہ تحریر ہے جو ہمارے شعور اور تجربوں میں اضافہ کرے زماں و مکاں کی قید سے آزاد ہو کر آفاقیت اختیار کرے۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) سوال : جمیل جالبی کی پیدائش کہاں ہوئی؟ ( 2 )

1۔ پاکستان 2۔ علی گڑھ 3۔ میرپور

2) سوال : تاریخ اردو ادب کس کی تصنیف ہے؟ ( 1 )

1۔ جمیل جالبی 2۔ سرسید 3۔ میر تقی میر

3) سوال : ادب ہمارا رشتہ کس سے قائم کرتا ہے؟ ( 1 )

1۔ ماضی سے 2۔ فکر سے 3۔ خیال سے

4) سوال : ایسی تحریر جو ہمارے تجربوں اور شعور میں اضافہ کرے اُسے کیا کہتے ہیں؟ ( 3 )

1۔ موسیقی 2۔ فن 3۔ ادب

5) سوال : جدید دور میں ادب کا ٹکراؤ کس سے ہے؟ ( 1 )

1۔ سائنس 2۔ قدرت 3۔ فطرت

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : جمیل جالبی نے۔۔۔۔۔۔۔یونیورسٹی میں پی۔ایچ۔ڈی کیا۔

صحیح جواب: سندھ

2) سوال : جمیل جالبی نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے لکھنا شروع کیا۔

صحیح جواب: بچپن

3) سوال : ادب زندگی کے۔۔۔۔۔۔۔کا نام ہے۔

صحیح جواب: شعور

4) سوال : ادب ہمارا رشتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے قائم کر کے مستقبل سے جوڑتا ہے۔

صحیح جواب: ماضی

5) سوال : جدید دور میں ادب اور۔۔۔۔۔۔۔کا ٹکراؤ ہے۔

صحیح جواب: سائنس

## عملی کام:

## 1۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : جمیل جالبی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2) سوال : ادب کس کو کہتے ہیں؟

جواب:

3) سوال : کیا اخبار کے کالم یا اداریہ ادب میں شمار ہوتے ہیں؟

جواب:

## 2۔ سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : جمیل جالبی کی حیات اور ان کے کارناموں پر مختصر نوٹ لکھئے؟

جواب:

2) سوال : مضمون" ادب کیا ہے؟ "کا خلاصہ لکھئے۔

جواب:

3) ادب کی تعریف تفصیل سے کیجئے۔

جواب:

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

------------------------

## 3۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) جمیل جالبی۔۔۔۔۔۔۔۔ سن میں پیدا ہوئے۔

2) جدید دور میں ادب اور۔۔۔۔۔۔۔ کا ٹکراؤ ہے۔

3) " ادب کیا ہے؟ " مضمون کے مصنف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆

# سرسری مطالعہ

## ورک بُک برائے سالِ اوّل - زبان برائے دُوّم

# 6۔ ڈائرکٹر کا کُتّا

مجتبیٰ حُسین

## مصنف کا تعارف :

## 1۔ عمومی سوالات وجوابات :

1) سوال : مجتبیٰ حُسین کا مختصر تعارف کرائیے؟

جواب: مجتبیٰ حُسین اُردو کے معروف طنز ومزاح نگار اور صحافی ہیں۔

2) سوال : مجتبیٰ حُسین کی پیدائش کہاں ہوئی؟

جواب: مجتبیٰ حُسین کی پیدائش 15 جولائی 1936ء کو گلبرگہ میں ہوئی۔

3) سوال : مجتبیٰ حُسین نے تعلیم کہاں پائی؟

جواب: مجتبیٰ حُسین ابتدائی تعلیم گھر پر پائی پھر گلبرگہ کے مدرسہ میں داخل کئے گئے۔ تانڈور سے میٹرک گلبرگہ سے انٹر میڈیٹ پاس کیا۔ 1956ء میں عثمانیہ یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔

4) سوال : مجتبیٰ حُسین کہاں ملازمت اختیار کی؟

جواب: 1962ء میں محکمۂ اطلاعات و تعلقات عامہ کے اُردو شعبے میں ملازم ہوئے۔ 1972ء میں گجرال کمیٹی کے ساتھ کام کیا۔ 1974ء میں نیشنل کونسل ریسرچ اینڈ ٹریننگ سے وابستہ رہے اور یہیں سے سبکدوش ہوئے۔

5) سوال : مجتبیٰ حُسین نے کتنی کتابیں لکھی؟

جواب: مجتبیٰ حُسین نے 20 سے زائد کتابیں لکھیں۔

6) سوال : مجتبیٰ حُسین کی چند اہم کتابوں کے نام بتایئے؟

جواب: " اُردو کے شہر میں اُردو کے لوگ " " بہرِ حال " " قطع کلام " " سفر لخت لخت " " میرا کالم " اور " خود نوشت " " اپنی یاد " وغیرہ۔

7) سوال : مجتبیٰ حُسین کے اس سفر نامہ کا نام بتایئے جس کا جاپانی زبان میں ترجمہ کیا گیا؟

جواب: جاپان چلو جاپان چلو ۔

8) سوال : مجتبیٰ حُسین کی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے انھیں کس اعزاز سے نوازا؟

جواب: مجتبیٰ حُسین کی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے 2007ء میں پدم شری کے اعزاز سے نوازا۔

## مضمون : ڈائر کٹر کا کُتّا

## عمومی سوالات و جوابات

1) سوال : مجتبیٰ حُسین نے "ڈائر کٹر کا کُتّا" کس انداز میں لکھا ہے؟

جواب: : مجتبیٰ حُسین نے مضمون "ڈائر کٹر کا کُتّا" مزاحیہ انداز میں لکھا ہے۔

2) سوال : کُتّا کس کا ہے؟

جواب: کُتّا ایک ڈائر کٹر کا ہے۔

3) سوال : مجتبیٰ حُسین کُتّے کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: مجتبیٰ حُسین کہتے ہیں کہ اگر یہ ڈائر کٹر کا کُتّا نہ ہوتا تو ایک عام کُتّا رہتا جس کی دُم لوگوں کے لئے ہلتی رہتی تھی۔

4) سوال : ایک دن کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب: ایک دن ڈائر کٹر کا کُتّا کار سے نکل کر بھاگ گیا۔

5) سوال : جوزف چیخ کر کیا کہنے لگا؟

جواب: جوزف چیخ کر کہنے لگا کہ کوئی کُتّے کو پکڑ کر لائے۔

6) سوال : ورما جی نے کیا سوچا؟

جواب: ورما جی نے سوچا کہ اگر میں اکیلا کُتّا پکڑ کر لاؤں گا تو میری پروموشن پکّی ہو جائے۔

7) سوال : نٹراجن نے کیا سوچا؟

جواب: نٹراجن نے سوچا کہ اگر وہ اکیلا کُتّا پکڑ کر لاوے گا تو اس کی نوکری جو غلط کام کرنے کی وجہ سے خطرے میں پڑ گئی تھی اُس کی سفارش ہو گی۔

8) سوال : کون کُتّے کے پکڑنے کے لئے جھگڑنے لگے؟

جواب: نٹراجن اور ورما جی کُتّے کو پکڑنے کے لئے جھگڑنے لگے۔

9) سوال : کُتّا کس لئے کار سے باہر آیا؟

جواب: کُتّا کار سے باہر اپنی فطری ضرورت پوری کرنے کے لئے آیا۔

10) سوال : کُتّے کے بھاگنے سے دفتر میں کیا ہوا؟

جواب: کُتّے کے بھاگنے سے دفتر میں کہرام مچ گیا۔ سبھی ملازمین اپنی اپنی ضرورت کے مطابق کُتّے کو پکڑنے میں لگ گئے۔

11) سوال : لوگوں نے ریسپشنسٹ سے کیا کہا؟

جواب: لوگوں نے اس سے کہا کہ وہ مسکرا کر کُتّے کو مصروف رکھیں ہم اسے پکڑ لیں گے۔

12) سوال : کُتّے کو دیکھ کر کلکرنی نے کیا کیا؟

جواب: کلکرنی کُتّے کو دیکھ کر تعظیماً کھڑی ہو گئی کیوں کہ یہ ڈائر کٹر کا کُتّا ہے۔

13) سوال : کُتّا کس کا ٹفن بکس لے کر بھاگ گیا؟

جواب: کُتّے نے سِنیر کلرک سبھاش کا ٹفن بکس لے کر بھاگ گیا۔

14) سوال : ورماجی کی درخواست پر رحمت علی نے کیا کہا؟

جواب: ورماجی کی درخواست پر رحمت علی نے کہا کہ کل میں ریٹائر ہو رہا ہوں۔اس کام سے میرا کوئی مطلب نہیں۔

15) سوال : آخر کُتّے کو کس نے پکڑا؟

جواب: شوروغُل سُن کر ڈائرکٹر باہر نکل آیا۔اس نے پیار سے کُتّے کو بُلایا تو وہ دُم ہلاتا ہوا اس کے قدموں میں لوٹنے لگا۔ڈائرکٹر نے اسے پکڑ کر کار میں بٹھا دیا۔

16) سوال : کُتّے کے مل جانے سے ورماجی اور نٹراجن کے ساتھ کیا ہوا؟

جواب:ورماجی کی ترقی کی فائل ناکام ہو گئی،نٹراجن کے خلاف بھی ثبوت مل گئے اور دونوں کی ترقی رُک گئی۔

## 1۔ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

بات اصل میں ڈائرکٹر کے کُتّے کی ہو رہی تھی اور ہم دوسرے کُتّوں پر بھونکنے لگے۔ایک دن یوں ہوا کہ ڈائرکٹر جب اپنی کار سے اُتر کر اپنے آفیس میں چلا گیا تو یہ کُتّا کسی طرح کار سے باہر نکل آیا۔ڈرائیور جوزف نے واپس آکر دیکھا تو کُتّا غائب تھا۔ڈرائیور کے پسینے چھوٹ گئے۔اگر کُتّا غائب ہو گیا تو اس کی نوکری بھی غائب ہو جائے گی۔اتفاق سے ورماجی اس وقت دفتر میں داخل ہو رہے تھے اس نے پکار کر کہا " بھئی ڈائرکٹر صاحب کا کُتّا چھوٹ گیا ہے اسے پکڑنے کی کوشش کرو"۔

1) سوال : بات کس کی ہو رہی ہے؟

جواب: بات ڈائرکٹر کے کُتّے کی ہو رہی تھی۔

2) سوال : ایک دن کیا ہوا؟

جواب: ایک دن کُتّا کار سے باہر نکل کر چلا گیا۔

3) **سوال :** ڈرائیور کا نام کیا ہے؟

**جواب:** جوزف۔

4) **سوال :** کتّے کو نا پا کر جوزف کی کیا حالت ہو گی؟

**جواب:** کُتّے کو نا پا کر جوزف کے پسینے چھوٹ گئے کہ کُتّا غائب ہو گیا تو اس کی نوکری بھی غائب ہو جائے گی۔

5) **سوال :** جوزف نے ورما جی کو دیکھ کر کیا کہا؟

**جواب:** جوزف نے ورما جی کو دیکھ کر کہا کہ "بھئی ڈائرکٹر صاحب کا کُتّا چھوٹ گیا ہے اسے پکڑنے کی کوشش کرو۔

## 2۔ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے سوالات کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

1) **سوال :** مجتبیٰ حُسین کی ولادت کہاں ہوئی؟ ( 1 )

1۔ گلبرگہ 2۔ دہلی 3۔ ممبئی

2) **سوال :** مجتبیٰ حُسین نے کس یونیورسٹی سے ڈگری حاصل کی؟ ( 2 )

1۔ ناگارجنا 2۔ عثمانیہ 3۔ آندھرا

3) **سوال :** کُتّا کس کا ہے؟ ( 3 )

1۔ مصنف 2۔ شاعر 3۔ ڈائرکٹر

4) **سوال :** مجتبیٰ حُسین کی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے انھیں کس اعزاز سے نوازا؟

( 2 )

1۔ پدما بھوشن 2۔ پدما شری 3۔ بھارت رتن

5) **سوال :** کُتّے کو دیکھ کر کلکرنی نے کیا کیا؟ ( 1 )

1۔ تعظیماً کھڑی ہو گئی 2۔ کُتّے کو بھگا دیا 3۔ چیخ مارنے لگی

## 3۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) سوال : مجتبٰی حُسین بحیثیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں مشہور ہیں۔

صحیح جواب: طنز و مزاح نگار

2) سوال : مجتبٰی حُسین نے۔۔۔۔۔۔کتابیں لکھی ہیں۔

صحیح جواب: بیس سے زائد

3) سوال : کُتّا۔۔۔۔۔۔کا ہے۔

صحیح جواب: ڈائرکٹر

4) سوال : ڈرائیور کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

صحیح جواب: جوزف

5) سوال : کُتّا۔۔۔۔۔۔۔کا ٹفن بکس لے کر بھاگ گیا۔

صحیح جواب: سِنیر کلرک سُبھاش

## عملی کام:

### 1۔ مختصر سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھئے

1) سوال : مجتبٰی حُسین نے کہاں ملازمت اختیار کی؟

جواب:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2) سوال : آخر کار کُتّے کو کس نے پکڑا؟

جواب:

3) سوال : ورما جی اور نٹراجن دونوں کُتّے کے بارے میں کیوں جھگڑنے لگے ؟

جواب:

## 2۔ سوالات کے جوابات لکھئے

1) سوال : مضمون " ڈائرکٹر کا کُتّا " کا خلاصہ لکھئے ؟

جواب:

2) سوال : مجتبیٰ حُسین کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجئے؟

جواب:

3) سوال : ڈائرکٹر کا کُتّا کار سے نکل کر بھاگنے کے بعد دفتر میں کیا ہوا؟ بتایئے؟

جواب:

---------------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------

## 3۔ خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے

1) مجتبیٰ حُسین اُردو کے مشہور و معروف۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

2) بات اصل میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے کُتّے کی ہو رہی ہے۔

3) کُتّے کو آخر میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے پکڑا۔

☆☆☆☆☆

# Workbook for A.P. Intermediate First Year

# URDU

Prepared & Published by
**Board of Intermediate Education**
Andhra Pradesh
vijayawada - 520 008
www.bieap.gov.in

